Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعرات، 22 جنوری 2026ء، 2 شعبان المعظم 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 281

ارے واہ! اتنی ترقی ہو رہی ہے تبدیلی کے صوبے میں؟

تبدیلی کے صوبے میں گٹر کے ڈھکن لگنے کو بھی بڑی کامیابی بنا کر پیش کیا جا رہا ہے، گٹر کے ڈھکن کے پوسٹرز پر سہیل آفریدی کی دو تصاویر شائع کی گئی ہیں

جیسے یہ کوئی تاریخی منصوبہ ہو، عوام محض تصویروں اور تشہیر سے بہلنے والے نہیں، انہیں حقیقی ترقی، بنیادی سہولیات اور عملی کارکردگی چاہیے، وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں الفلاح فاؤنڈیشن پاکستان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخوا میں ترقی کے نام نہاد دعوؤں پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ تبدیلی کے صوبے میں گٹر کے ڈھکن لگنے کو بھی بڑی کامیابی بنا کر پیش کیا جا رہا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخوا میں گٹر کے ڈھکن لگنے سے پہلے اور بعد کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے کہا کہ ارے واہ! تبدیلی کے صوبے میں اتنی بڑی ترقی ہو رہی ہے اور ہمیں (بقیہ نمبر 6)

لیسکو کا کروڑوں روپے کی لاگت سے نئی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ

مجموعی طور پر 75 گاڑیوں کی خریداری کیلئے تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے ایک مرتبہ پھر کروڑوں روپے کی لاگت سے نئی سرکاری گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق مجموعی طور پر 75 گاڑیوں کی خریداری کیلئے تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ لیسکو انتظامیہ نے کریٹز سمیت چھوٹی اور بڑی گاڑیوں کی خریداری کی منظوری دے دی ہے جبکہ کمپنی کے شعبہ میٹریل مینجمنٹ نے باقاعدہ طور پر خریداری کا عمل شروع کر دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 7)

سولر سسٹم سے بجلی بنانے والوں کیخلاف بڑا فیصلہ

اضافی سولر پینلز لگا کر بجلی کی جنریشن کرنے والوں کو بلوں میں ریلیف دینے پر پابندی عائد

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے سولر سسٹم سے بجلی کی پیداوار کرنے والوں کے خلاف بڑا فیصلہ سنا دیا، لیسکو سمیت دیگر کمپنیوں میں معاہدے کے برعکس اضافی سولر پینلز لگا کر بجلی کی جنریشن کرنے والوں کو بلوں میں (بقیہ نمبر 10)

این سی سی آئی اے کی اہم ایڈوائزری جاری

سوشل میڈیا پر ایک غلط کلک یا غیر محتاط پوسٹ شہریوں کو جیل لے جا سکتی ہے، ایڈوائزری جاری

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر ایک غلط کلک یا غیر محتاط پوسٹ شہریوں کو جیل لے جا سکتی ہے۔ این سی سی آئی اے نے عوامی آگاہی کیلئے ایک اہم (بقیہ نمبر 9)

اسلامی ترقیاتی بنک کے وفد کا مہمند ڈیم کا دورہ

تعمیراتی کام پر اطمینان کا اظہار، اسلامی ترقیاتی بنک مہمند ڈیم پراجیکٹ کی تعمیر کے لئے 180 ملین امریکی ڈالر مہیا کر رہا ہے

لاہور (این این آئی) اسلامی ترقیاتی بنک کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے مہمند ڈیم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کا دورہ کیا اور پراجیکٹس پر جاری تعمیراتی کاموں کا مشاہدہ کیا۔ تین رکنی وفد کی قیادت اسلامی ترقیاتی بنک کے نائب صدر (بقیہ نمبر 8)

جھنگ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں کارڈیک سرجری شروع کرانے کا اعلان، عوام کو ہر قسم کے علاج کی سہولت گھر کی دہلیز پر دیں گے، مریم نواز

ٹیلی میڈیسن سسٹم متعارف کرانے کا اعلان

لاہور کے نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کی مارچ سے تعمیر شروع کرنے کا اعلان، جھنگ جیسے دور افتادہ شہر میں کیتھ لیب دیکھ کر خوشی ہوئی، میرا خواب پورا ہوا

غربت اور وسائل کی کمی کے شکار افراد کیلئے ہارٹ اٹیک کسی قیامت سے کم نہیں، اب غریب امیر کا ایک ہی جیسا علاج ہوگا، میرے ذہن میں کوئی تفریق نہیں

غربت اور وسائل کی کمی کے شکار افراد کیلئے ہارٹ اٹیک کسی قیامت سے کم نہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا جھنگ میں کیتھ لیب کی افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب میں ٹیلی میڈیسن سسٹم متعارف کرانے اور جھنگ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں کارڈیک سرجری شروع کرانے کا اعلان کیا ہے۔ نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کی مارچ سے تعمیر شروع کرنے کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جھنگ میں کیتھ لیب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے عوام کو ہر قسم کے علاج کی سہولت (بقیہ نمبر 17)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا تمام فائر سسٹمز کے آڈٹ کا اعلان

شارٹ سرکٹ کے خدشات پر سرکاری و نجی عمارتوں کی مکمل جانچ ہوگی، تاکہ آگ کے خطرات کو بروقت روکا جا سکے

سرکاری دفاتر، ہسپتالوں، سکولوں اور نجی اداروں میں حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں گے، مریم نواز شریف

لاہور (اے ایف پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کراچی کے گل پلازہ میں آتشزدگی کے سانحے کے بعد پنجاب بھر میں تمام فائر سسٹمز کے آڈٹ کا اعلان کر دیا۔ ایک بیان میں مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ نئے ایس او پیز تیار ہوں گے اور فائر سیفٹی سسٹمز کو مضبوط کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شارٹ سرکٹ کے خدشات پر سرکاری و نجی عمارتوں کی مکمل جانچ ہوگی، تاکہ آگ کے خطرات کو بروقت روکا جا (بقیہ نمبر 1)

کراچی: وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے زیر انتظام جام چاکرو لینڈ فل سائٹ کا دورہ کر رہے ہیں

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ سے ملاقات کر رہی ہیں

سینیٹر روبینہ خالد کی گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ سے ملاقات

گلگت بلتستان کے دور دراز علاقوں میں مستحق خواتین کو بی آئی ایس پی میں شامل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

بی آئی ایس پی کے تمام پروگرام شفاف اور مؤثر طریقے سے مستحق افراد تک سہولیات پہنچانے کے لیے تیار ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گلگت بلتستان میں مستحق خواتین کی فلاح و بہبود، پروگرام میں شمولیت کے لئے رجسٹریشن اور قدرتی آفات سے متاثرہ علاقوں میں بی آئی ایس پی کے تحت متاثرہ مستحق افراد و خاندان کی شناخت، رسائی اور امداد و (بقیہ نمبر 2)

شاہدرہ ڈیم کی سائٹ ڈیم کی تعمیر کیلئے انتہائی موزوں ہے

جڑواں شہروں میں پانی کی قلت کے مسئلے کو ہمیشہ کیلئے حل کرنے کیلئے دونوں ڈیمز کی تعمیر انتہائی اہمیت کی حامل ہے

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلاتعطل پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت جڑواں شہروں میں پانی کے مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل کرنے کے حوالے سے بدھ کے روز سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا۔ جسمیں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر فنانس طاہر نعیم، واپڈا، راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (بقیہ نمبر 3)

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف محکموں کے تحریری، حتمی نتائج کا اعلان کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے حکومتِ پنجاب کے مختلف محکموں میں اسامیوں کے تحریری اور حتمی نتائج کا اعلان کر دیا۔ اس سلسلے میں پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) سمیت دیگر محکموں کے تحریری اور حتمی نتائج کے نوٹیفکیشن جاری کر دیے گئے ہیں۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن (بقیہ نمبر 11)

تھرپارکر اور میرپورخاص کے اقلیتی نوجوانوں کیلئے خوشخبری

سندھ پولیس میں کانسٹیبل کی آسامیوں کے لئے تحریری و جسمانی امتحانات میں کامیاب امیدواروں کے ساتھ ہونیوالی زیادتی کا نوٹس

چیئرمین سینیٹر دنیش کمار نے کاکس کے اراکین سینیٹر پونجو مل بھیل، ایم این اے ڈاکٹر مہیش ملانی اور ایم این اے نیلم کماری کی نشاندہی پر معاملے کا نوٹس لیا

سینیٹر دنیش کمار نے آئی جی سندھ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے اسلام آباد میں پارلیمانی اقلیتی کاکس کے اجلاس میں طلب کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) تھرپارکر، میرپورخاص اور عمرکوٹ سے تعلق رکھنے والے ان اقلیتی نوجوانوں کے لئے بڑی خوشخبری ہے جنہوں نے سندھ پولیس میں کانسٹیبل کی اسامیوں کے لئے درخواست دی تھی اور تحریری و جسمانی امتحانات میں پاسنگ مارکس حاصل کئے تھے، مگر اس کے باوجود ان کے ساتھ ناانصافی کرتے ہوئے انہیں ملازمت سے محروم رکھا گیا۔ پارلیمانی اقلیتی (بقیہ نمبر 4)

پارلیمانی اقلیتی کاکس کے چیئرمین سینیٹر دنیش کمار نے کاکس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سردار ایاز صادق کا راجہ نادر پرویز کے انتقال پر اظہار افسوس

مرحوم راجہ نادر پرویز ایک زیرک سیاستدان اور پارلیمان کے فعال رکن رہے

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سابق وفاقی وزیر برائے داخلہ راجہ نادر پرویز کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مرحوم راجہ نادر پرویز ایک زیرک سیاستدان اور پارلیمان (بقیہ نمبر 23)

لاہور: صوبائی وزیر لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی سے چینی کمپنیوں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

حکومت ہمیشہ سے ہی مذاکرات چاہتی ہے، طلال چوہدری

وزیر اعظم کی بنائی گئی کمیٹی سے اپوزیشن یکطرفہ طور پر اٹھ کر چلی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ مذاکرات کے لیے وزیر اعظم نے اسپیکر کی سربراہی میں کمیٹی بنائی، اس کمیٹی سے اپوزیشن یکطرفہ طور پر اٹھ کر چلی گئی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت ہمیشہ سے (بقیہ نمبر 25)

ہائیکورٹ نے ضلعی عدالتوں میں 6 سول ججز کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ضلعی عدالتوں میں 6 سول ججز کے تقرر و تبادلے کر دیئے۔ سول جج عادل انیس کو میاں چنوں سے لاہور ٹرانسفر کر دیا گیا۔ سول جج رابعہ ریاض دیپالپور سے اور ظفر اقبال راجن پور سے لاہور لگ گئے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم کی منظوری کے بعد رجسٹرار نے تبادلوں (بقیہ نمبر 18)

وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کا پنجاب ریونیو اتھارٹی کا دورہ

ٹیکس نظام میں شفافیت اور موثر انفورسمنٹ پر زور، رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں محصولات میں 33 فیصد اضافہ

جولائی تا دسمبر 2025ء 149.5 ارب روپے کی وصولی، پی آر اے کی کارکردگی حکومت پنجاب کے مالی نظم و ضبط کی عکاس قرار

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے پنجاب ریونیو اتھارٹی کا دورہ کیا جہاں چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا نے انہیں ادارے کی کارکردگی، محصولات کی وصولی اور ٹیکس نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر خزانہ نے ٹیکس نظام میں شفافیت، ٹیکس چوری کے خاتمے اور موثر انفورسمنٹ کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پی آر اے کی کارکردگی پنجاب حکومت (بقیہ نمبر 12)

سکیورٹی خدشات اور سرکاری مصروفیات

بیان ویڈیو لنک کے ذریعے ریکارڈ کرنے کی درخواست

صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کا بیان ویڈیو لنک کے ذریعے ریکارڈ کرنے کی درخواست

جعلی ویڈیو کیس میں عظمیٰ بخاری کی عدالت میں ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی کی استدعا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان کی ریکارڈنگ کے سلسلے میں سکیورٹی خدشات اور سرکاری مصروفیات کے باعث عدالت میں ذاتی حیثیت میں پیش نہ ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ عظمیٰ بخاری کے وکیل علی بخاری کی جانب سے عدالت میں درخواست دائر کی گئی ہے، جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ صوبائی وزیر کو درپیش سکیورٹی مسائل کے باعث عدالت (بقیہ نمبر 24)

گل پلازہ کی ایک دکان سے 30 لاشیں ملیں، تعداد 61 ہوگئی

ہماری دکان میزنائن فلور پر ہے، واقعے کے وقت ہمارے کزن اور ملازمین بھی تھے

کراچی (این این آئی) کراچی کے گل پلازہ کی ایک دکان سے 30 لاشیں ملیں ہیں جس کے بعد ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 61 ہوگئی ہے۔ بدھ کو گل پلازہ میں سرچ آپریشن جاری رہا جس کے دوران میزنائن فلور کی ایک دکان سے 30 لاشیں ملیں۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) ساؤتھ اسد رضا نے کہا کہ گل پلازا کے میزنائن سے 30 لاشیں ملی ہیں، تمام 30 (بقیہ نمبر 19)

چیئرمین رمرسکو پرائیویٹ لمیٹڈ کی انجینئر رحیم الدین سے ملاقات

موجودہ سیاسی صورتحال میں خاقان وحید خواجہ امید کی کرن ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین رمرسکو پرائیویٹ لمیٹڈ، روڈن انکلیو اور آر ڈبلیو ایف ویلفیئر سوسائٹی انجینئر رحیم الدین نعیم سے ان کے آفس بحریہ ٹاؤن میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال، مسئلہ کشمیر اور پاکستان عوامی قوت پارٹی (بقیہ نمبر 20)

چیئرمین رمرسکو پرائیویٹ لمیٹڈ، روڈن انکلیو اور آر ڈبلیو ایف ویلفیئر سوسائٹی انجینئر رحیم الدین نعیم سے ان کے آفس بحریہ ٹاؤن میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

زرعی بحران سنگین، کسان کو مزید مجبور نہ کیا جائے، احسن رضوی

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات احسن رضوی نے ملکی زراعت کو درپیش چیلنجز پر حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کسانوں کو مزید مجبور نہ کرے، آج فصلوں کے مناسب دام (بقیہ نمبر 27)

پنجاب کے تعلیمی ادارے سیف سٹی کے سسٹم سے منسلک

ورچوئل سینٹر فار ایجوکیشنل سکیورٹی کو آپریشنل کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب کے 30 ہزار سے زائد تعلیمی اداروں کو سیف سٹی کے سسٹم سے منسلک کر دیا گیا۔ سکول کالجز، یونیورسٹی کے نمائندگان دن میں تین بار سیفٹی ایپ پر سکیورٹی سٹیٹس اپڈیٹ کریں گے۔ پنجاب کے سرکاری و غیر سرکاری تعلیمی اداروں کی سکیورٹی ایک کلک پر چیک ہوگی۔ ورچوئل سینٹر فار ایجوکیشنل سکیورٹی کو آپریشنل کر دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 26)

پناہ نے بچوں کے دل کے آپریشن کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا

آپریشن کے لیے پہلا بچہ MS راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (RIC) ڈاکٹر قربان خان کے حوالے کر دیا

اب پناہ مستحق لوگوں کے آپریشنز، AFIC، PNS شفاء کے علاوہ RIC ہسپتال سے بھی کروائے گا، چوہدری ثناء اللہ گھمن

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پناہ کی جانب سے سیکریٹری جنرل پناہ چوہدری ثناء اللہ گھمن نے آپریشن کے لیے پہلا بچہ MS راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (RIC) ڈاکٹر قربان خان کے حوالے کر دیا۔ پاکستان میں دل اور متعلقہ امراض میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان میں سالانہ 240,720 سے زیادہ لوگ دل کی بیماریوں کی وجہ سے موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں اور اس کا علاج اتنا مہنگا ہے کہ عام آدمی برداشت نہیں کر سکتا۔ پناہ ایسے مستحق افراد کے علاج کیلیے بڑھ چڑھ کر کام کر رہی ہے۔ پناہ نے مستحق بچوں کے دل کے آپریشنز کے لیے اپنے دائرہ (بقیہ نمبر 5)

جنرل سیکرٹری پناہ ثناء اللہ گھمن اور ایم ایس راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ڈاکٹر قربان خان دل کے مریض بچے کو داخل کراتے ہوئے

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان دورہ برطانیہ کے دوران منعقدہ تقریب میں اوورسیز پاکستانیوں اور کاروبار شخصیات سے خطاب کر رہے

لاہور سمیت پنجاب بھر کے تھیٹرز کو وارننگ جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب کونسل آف دی آرٹس نے نیا حکمنامہ جاری کر دیا۔ جاری کردہ نئے حکمنامے کے مطابق کوئی بھی تھیٹر ہال ڈرامہ اوقات کی پابندی نہیں کریگا تو اسے سیل کر دیا جائے گا۔ سی سی ٹی وی کیمرے بند ہوں گے تو تب بھی تھیٹر سیل کر (بقیہ نمبر 13)

لاہور میں سابق ایکسائز ملازم کا قتل، تفتیش کا دائرہ کار وسیع

لاہور (این این آئی) چوہنگ کے علاقے میں سابق ایکسائز ملازم رانا آفتاب کے قتل کے معاملے پر پولیس نے تفتیش کا دائرہ کار وسیع کر دیا۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق گزشتہ سال جنوری میں نجی ٹیکسٹائل کے منیجر عمر کو بھی نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا (بقیہ نمبر 14)

گل پلازہ کی ایک دکان سے 30 لاشیں ملیں، تعداد 61 ہوگئی

ہماری دکان میزنائن فلور پر ہے، واقعے کے وقت ہمارے کزن اور ملازمین بھی تھے

کراچی (این این آئی) کراچی کے گل پلازہ کی ایک دکان سے 30 لاشیں ملیں ہیں جس کے بعد ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 61 ہوگئی ہے۔ بدھ کو گل پلازہ میں سرچ آپریشن جاری رہا جس کے دوران میزنائن فلور کی ایک دکان سے 30 لاشیں ملیں۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) ساؤتھ اسد رضا نے کہا کہ گل پلازا کے میزنائن سے 30 لاشیں ملی ہیں، تمام 30 (بقیہ نمبر 19)

گلے کی خطرناک بیماری سے بچوں کی اموات بڑھ کر 4 ہوگئی

بچوں کو بخار کے بعد خطرناک انفیکشن سے گلے میں درد ہوتا ہے، ڈاکٹر

دادو / کراچی (این این آئی) ضلع دادو کے علاقے میہڑ میں گلے کی بیماری ڈفتھیریا سے بچوں کی اموات بڑھ کر 4 ہوگئی۔ ڈاکٹر محمد عیسیٰ سوڈھر نے بتایا کہ گلے کی بیماری سے متاثرہ ایک اور زیر علاج بچی کا کراچی میں انتقال ہوا۔ بچی کے ورثا نے کہا کہ متوفی (بقیہ نمبر 15)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے معروف عالم دین منیب الرحمٰن کی سربراہی میں وفد کی ملاقات

علمائے کرام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کمیٹی قائم

مفتی منیب الرحمٰن اور دیگر جید علمائے کرام کمیٹی کا حصہ ہوں گے، کمیٹی مسائل کے مستقل اور قابل عمل حل کے لیے اپنی سفارشات پیش کریگی

سب ایک ہیں اور پاکستان سب سے پہلے ہے، علمائے کرام کے مسائل کا جائزہ لے کر فوری حل کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے، مذہبی سکالر، معروف عالم دین مفتی منیب الرحمٰن کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی صورتحال، قیام امن اور مذہبی ہم آہنگی سمیت علمائے کرام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران علمائے کرام کے مسائل کے حل کے لیے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل (بقیہ نمبر 16)

کراچی: وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ ایکسپو سینٹر میں سٹین ایبل ٹورزم فورم اینڈ ایکسپو سے خطاب کر رہے ہیں

عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمت میں ہوشربا اضافہ

تاریخ میں پہلی بار 5 لاکھ 6 ہزار 362 روپے کی نئی بلند سطح پر آ گئی

کراچی (اے ایف پی) سونے کی قیمتیں ایک بار پھر عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت میں 127 ڈالر کا بڑا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں نئی عالمی قیمت 4 ہزار 840 ڈالر (بقیہ نمبر 21)

پی پی 167 سے ملک شفیع کھوکھر کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری

مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ملک شفیع کھوکھر بلا مقابلہ کامیاب ہوئے

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پی پی 167 سے کامیاب امیدوار ملک شفیع کھوکھر کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ملک شفیع (بقیہ نمبر 22)

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ترسیلی نظام کے نقائص

نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی نے ناقص ترسیلی نظام کو ملک میں مہنگی بجلی کی سب سے بڑی وجہ قرار دیا ہے۔ نیپرا کے مطابق ملک کے بیشتر گرڈ سٹیشن اور پاور ٹرانسفارمر اپنی استعداد سے 80 فیصد زائد صلاحیت پر کام کر رہے ہیں جس سے ترسیلی نظام میں تکنیکی خرابی' وولٹیج میں کمی اور لوڈ شیڈنگ کا خطرہ بڑھتا ہے۔ نتیجتاً سستی اور نسبتاً کم لاگت والی بجلی عوام تک نہیں پہنچ پاتی۔ قومی ٹرانسمیشن نظام کئی برسوں سے گنجائش سے زیادہ بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ پرانی لائنیں' محدود استعداد کے گرڈ سٹیشنز اور بروقت توسیع نہ ہونے کے باعث بجلی کا بہاؤ اکثر رکاوٹوں کا شکار رہتا ہے جبکہ اس وجہ سے ہونیوالے لائن لاسز کا سارا بوجھ مختلف ٹیکسوں کی صورت میں صارفین پر ڈال دیا جاتا ہے۔

صارفین اس وقت بجلی کی قیمت میں فی یونٹ 27 روپے سے زائد ٹیکس ادا کر رہے ہیں۔ یہ صورتحال نہ صرف عوام بلکہ قومی معیشت کیلئے بھی نقصان دہ ہے۔ صنعتوں کو مہنگی اور غیر مستحکم بجلی ملنے سے پیداواری لاگت بڑھتی ہے' مسابقت کم ہوتی ہے اور برآمدات متاثر ہوتی ہیں۔ ضروری ہے کہ حکومت بجلی کے ترسیلی نظام کی بہتری پر توجہ مرکوز کرے۔ نئے گرڈ سٹیشنز کی بروقت تعمیر' پرانی لائنوں کی اَپ گریڈیشن' جدید مانیٹرنگ سسٹمز کی تنصیب اور منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر کے خاتمے کے بغیر بجلی سستی نہیں ہوسکتی۔

گل پلازہ کا سانحہ: یہ حادثہ نہیں، منظّم غفلت کا نتیجہ ہے

مصنفہ: حفصہ سجاد

کراچی کے گل پلازہ میں پیش آنے والا آتشزدگی کا سانحہ کسی اچانک حادثے کا نام نہیں، بلکہ یہ برسوں سے جاری ایک ایسے نظام کی پیداوار ہے جہاں انسانی جان سب سے سستی شے بن چکی ہے۔ اس آگ نے درجنوں زندگیاں نگل لیں، کئی خاندان اجاڑ دیے، مگر اصل سوال اب بھی وہی ہے: ایسی عمارت، جس میں آگ سے بچاؤ کے بنیادی انتظامات تک موجود نہ ہوں، آخر کس قانون کے تحت چل رہی تھی؟ یہ آگ صرف ایک پلازہ میں نہیں لگی، بلکہ اس نے ریاستی نگرانی، بلڈنگ کنٹرول نظام اور شہری تحفظ کے تمام دعوؤں کو جلا کر راکھ کر دیا۔

حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے بڑے شہروں میں درجنوں نہیں بلکہ سینکڑوں کمرشل عمارتیں اسی خطرناک حالت میں کھڑی ہیں۔ فائر الارم، ایمرجنسی ایگزٹ، اسپرنکلر سسٹم اور تربیت یافتہ عملہ کاغذوں میں تو موجود ہوتا ہے، مگر عمارتوں میں نہیں۔ اس کی وجہ ناواقفیت نہیں بلکہ ملی بھگت ہے وہ ملی بھگت جس میں بلڈر، افسر اور نگران ادارے سب شریک ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر سانحے کے بعد فائلیں بنتی ہیں، کمیٹیاں تشکیل پاتی ہیں، مگر انجام صفر رہتا ہے۔ یہاں احتساب ایک رسمی اعلان ہے، عملی حقیقت نہیں۔

حادثے کے بعد حکومتی ردِعمل حسبِ روایت آیا: سخت ایکشن، معائنے، معاوضے اور بیانات۔ مگر سوال یہ ہے کہ یہ سب اقدامات لاشیں اٹھنے کے بعد ہی کیوں کیے جاتے ہیں؟ اگر یہی سنجیدگی پہلے دکھائی جاتی تو شاید آج یہ کالم لکھنے کی نوبت نہ آتی۔ ہمارے ہاں انکوائری کو انصاف کا متبادل بنا دیا گیا ہے، حالانکہ انکوائری اکثر ذمہ داری طے کرنے کے بجائے وقت گزارنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ نہ کسی بلڈر کو مثال بنائی جاتی ہے، نہ کسی افسر کو واقعی سزا ملتی ہے۔

گل پلازہ ہمیں یہ تلخ سبق دے گیا ہے کہ جب تک فائر سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کو فوجداری جرم نہیں بنایا جائے گا، جب تک اجازت دینے والوں کو بھی اسی طرح کٹہرے میں نہیں کھڑا کیا جائے گا جیسے عمارت کے مالک کو، اور جب تک ہر سانحے کو قسمت کہہ کر دفن کرنے کی روایت ختم نہیں ہوگی، تب تک یہ آگیں جلتی رہیں گی۔ یہ وقت تعزیت کا نہیں، فیصلہ کن احتساب کا ہے کیونکہ اگر آج بھی کوئی بچ نکلا تو کل ایک اور عمارت، ایک اور شہر اور ایک اور سانحہ ہمارا انتظار کر رہا ہوگا۔

افغان حکومت کا پانچ سالہ دور اور دہشت گردی کا راج

جاوید اقبال

گزشتہ پانچ سالوں سے افغان طالبان حکومت کی تمام توجہ عوام کی فلاح و بہبود، امن وامان کے قیام کی بجائے دہشت گرد گروہوں کی پشت پناہی اور اپنے اقتدار کو مضبوط کرنے کی طرف رہی - افغانستان کے اندر سے دوسرے ممالک میں کی جانے والی دہشت گردی اس وقت نہ صرف علاقائی بلکہ عالمی امن کے لیے بھی شدید خطرہ بن چکی ہے اقوام عالم کے اصرار کے باوجود ٹی ٹی پی اور دوسرے دہشت گرد گروپوں کے خلاف کاروائی سے انکار کی وجہ سے آج کابل حکومت سفارتی، سیاسی، معاشی ابتری اور مختلف گروپوں کی لڑائیوں کی وجہ سے ایک ناکام ریاست بن چکی ہے۔

اس بات کی گواہی اقوام متحدہ کی حالیہ رپورٹ میں دی گئی جس کے مطابق افغانستان شدید معاشی بحران کا شکار ہے اور ملک میں بے روزگاری کی شرح 75 فیصد تک پہنچ چکی ہے ۔رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ افغانستان میں 90 فیصد سے زائد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی ہے۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران افغانستان کی سیکیورٹی صورتحال نے ایک بار پھر طالبان حکومت کی کمزوریوں کو نمایاں طور پر بے نقاب کر دیا ہے ۔ , افغانستان پر مکمل کنٹرول کے مسلسل دعوؤں کے باوجود زمینی حقائق اس بیانیے کی واضح تردید کرتے ہیں، جس سے طالبان کی مجموعی سیکیورٹی حکمتِ عملی پر سنجیدہ سوالات جنم لیتے ہیں۔ حالیہ صورتحال میں دو مزاحمتی گروہ خاص طور پر نمایاں رہے، جن میں نیشنل ریزسٹنس فرنٹ (NRF) اور افغانستان فریڈم فرنٹ (AFF) شامل ہیں۔ ان دونوں گروہوں نے طالبان کے خلاف اپنی کارروائیوں میں نمایاں تیزی پیدا کی اور اپنی سرگرمیوں کا دائرہ فوجی تنصیبات، انٹیلیجنس ڈھانچوں اور بھرتی مراکز تک وسیع کیا۔ ان کارروائیوں کی نوعیت اور تسلسل مجموعی طور پر طالبان کے سیکیورٹی نظام کی ناکامی کو ظاہر کرتے ہیں۔

اس عرصے میں مجموعی طور پر 16 حملے کیے گئے ۔ ان حملوں کے نتیجے میں 48 طالبان جنگجو ہلاک اور پچیس زخمی ہوئے، جبکہ طالبان کی تین گاڑیاں بھی تباہ ہوئیں۔ سب سے زیادہ حملے قندوز میں رپورٹ ہوئے، جو اس حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں کہ طالبان اس اہم صوبے میں مستقل اور مؤثر استحکام قائم کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ اس کے علاوہ پنجشیر، بغلان، فریاب، بدخشاں اور کابل میں بھی کارروائیاں سامنے آئیں، جو عدم تحفظ کے جغرافیائی پھیلاؤ کو واضح کرتی ہیں۔ این آر ایف نے اس عرصے میں 7 حملے کیے، جن کا بنیادی ہدف طالبان کے فوجی اور انٹیلیجنس اثاثے تھے۔ پنجشیر میں ایک بڑی کارروائی کے دوران طالبان کی ایک بٹالین بیس کو تباہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں سترہ طالبان جنگجو ہلاک اور پانچ زخمی ہوئے ۔ قندوز میں NRF نے طالبان کی چیک پوسٹوں اور گاڑیوں کو نشانہ بنایا، جہاں پانچ طالبان ہلاک اور پانچ زخمی ہوئے ، جبکہ دو گاڑیاں تباہ ہوئیں۔ بغلان میں طالبان کی جانب سے کیے گئے ایک حملے کو پسپا کیا گیا، جس میں تین طالبان جنگجو مارے گئے ۔ ہرات میں کی گئی ایک خفیہ کارروائی کے دوران طالبان انٹیلیجنس کے اہلکار ہلاک ہوئے اور بڑی مقدار میں اسلحہ قبضے میں لیا گیا، جو انٹیلیجنس نظام کی کمزوری کو مزید نمایاں کرتا ہے۔ اے ایف ایف نے 9 حملے کیے، جنہوں نے طالبان کی سیکیورٹی ناکامیوں کو مزید گہرا کر دیا۔ قندوز میں طالبان کے بھرتی مرکز کو نشانہ بنایا گیا، جہاں ایک کمانڈر سمیت دو طالبان ہلاک اور تین زخمی ہوئے ۔ بدخشاں میں گورنر آفس کے قریب طالبان کے ریزرو یونٹ پر حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں تین طالبان ہلاک اور ایک زخمی ہوا۔ فریاب میں طالبان کے بٹالین بیس پر حملہ کیا گیا، جس کے بعد یکم جنوری کو طالبان جوڈیشل پولیس پر راکٹ حملہ کیا گیا۔ یہ تمام کارروائیاں اس امر کا ثبوت ہیں کہ طالبان کا قانون نافذ کرنے والا اور عدالتی ڈھانچہ مسلسل دباؤ کا شکار ہے۔

کابل میں ہونے والے حملے سب سے زیادہ تشویشناک ثابت ہوئے ۔ سخت سیکیورٹی انتظامات کے باوجود طالبان انٹیلیجنس کی گاڑیوں اور چیک پوسٹوں کو نشانہ بنایا جانا طالبان کے شہری سیکیورٹی سے متعلق دعوؤں کو کمزور کرتا ہے ۔ مجموعی طور پر NRF اور AFF کی ان کارروائیوں میں 48 طالبان جنگجو ہلاک، پچیس زخمی اور تین گاڑیاں تباہ ہوئیں، جو اس حقیقت کو واضح طور پر اجاگر کرتا ہے کہ افغانستان کی سیکیورٹی صورتحال بدستور غیر مستحکم، متنازع اور طالبان کے کنٹرول سے کہیں زیادہ کمزور ہے۔ افغانستان اس وقت دہشت گردی کی آماجگاہ بن چکا ہے جہاں پر دہشت گردی کو افغان حکومت کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے ? کابل حکومت کے اس غیر ذمہ دارانہ رویے کی وجہ سے پاکستان سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ اگست 2021 میں افغانستان پر طالبان کے قبضے کے بعد سے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے ۔ گذشتہ سال پاکستان میں 5,397 دہشت گردی کے واقعات ہوئے، جن میں سے 3,811، یا 71 فیصد، خیبر پختونخوا اور 1,557، یا 29 فیصد، سے بلوچستان میں ہوئے۔

پاکستان کے موقف کی تصدیق کہ افغانستان ایک مرکز بن گیا ہے جہاں ہر طرح کے دہشت گردوں کی پرورش کی جارہی ہے برسلز کے انٹرنیشنل کرائسز گروپ (آئی سی جی) کی ایک نئی رپورٹ سے ہوئی ہے۔ رپورٹ میں واشگاف الفاظ میں کہا گیا ہے کہ افغانستان پر طالبان کے قبضے نے دہشت گردی کے لحاظ سے پاکستان کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے، 2025ء میں، 600 سے زائد پاکستانی سیکیورٹی اہلکاروں کو دہشت گرد گروہوں کے حملوں میں شہید کیا گیا، خاص طور پر خیبر پختون خواہ اور بلوچستان میں۔ انٹرنیشنل کرائسز گروپ پہلا ادارہ نہیں ہے جس نے اس بات کی تصدیق کہ افغانستان خطے میں دہشت گردی کا مرکز ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ٹی ٹی پی کو پاکستان میں ختم ہونے کے بعد، افغانستان میں دوبارہ منظم ہونے اور ایک مضبوط گڑھ بنانے کی اجازت دی گئی، جہاں سے وہ پاکستان کے اندر حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔ طالبان کو ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروہوں کو اپنے درمیان سے نکالنے کے لیے اقدامات کرنے میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے اور ایک ذمہ دار ریاست کا ثبوت دیتے ہوئے دہشت گردی کے ناسور کو ختم کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ ان کا یہ عمل نہ صرف خطے کے مفاد میں، بلکہ افغان عوام کے مفاد میں بنیادی کردار ادا کرے گا۔

دہشت گردوں کو وزیراعظم کا انتباہ

تحریر۔۔۔اسداللہ غالب

پاکستان ایک ایسی جنگ لڑ رہا ہے جس میں دشمن وردی کے بغیر، سرحد کے بغیر اور کسی اخلاقی حد کے بغیر آیا۔ یہ جنگ کسی ایک حکومت، ایک ادارے یا ایک صوبے کی نہیں بلکہ پوری قوم کی بقا کی جنگ ہے۔ مسجدیں، امام بارگاہیں، بازار، اسکول، یونیورسٹیاں، پولیس لائنز اور فوجی چوکیاں غرض کوئی جگہ محفوظ نہ رہی۔ ہزاروں پاکستانی شہری، علما، اساتذہ، طلبہ، صحافی اور سیکیورٹی اہلکار اس آگ کی نذر ہو چکے ہیں۔ حال ہی میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کا علما و مشائخ سے خطاب میں یہ کہنا کہ 'دہشت گردوں کو پاکستان سے اٹھا کر سمندر میں پھینک دیا جائے گا' محض ایک فقرہ نہیں بلکہ ریاست کی اجتماعی سوچ کا اعلان ہے۔ یہ اس حقیقت کا اظہار ہے کہ پاکستان اب مزید آزمائشوں کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ یہ پیغام دشمن کے لیے ہے، قوم کے لیے تسلی ہے اور ریاستی اداروں کے لیے واضح سمت ہے۔

پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف بے پناہ قربانیاں دے کر یہ سبق سیکھا ہے کہ دہشت گردی کا علاج سخت ریاستی رٹ، واضح پالیسی اور زیرو ٹالرنس ہے۔ جب بھی نرمی دکھائی گئی، لاشیں بڑھیں؛ اور جب بھی ریاست نے پوری قوت سے وار کیا، امن واپس آگیا۔ سوات آپریشن، ضربِ عضب اور ردالفساد اس کی زندہ مثالیں ہیں۔ یہ بھی ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ دہشت گردی کے بڑے نیٹ ورکس کے تانے بانے سرحد پار افغانستان سے جڑے رہے ہیں۔ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) ہو یا دیگر شدت پسند گروہ ہوں، ان کی محفوظ پناہ گاہیں، سہولت کاری اور نظریاتی پشت پناہی ایک عرصے سے پاکستان کے لیے خطرہ بنی ہوئی ہیں۔ پاکستان نے بارہا واضح کیا کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو مگر عملی اقدامات کی کمی نے خطرات کو برقرار رکھا۔

ایسے نازک حالات میں سب سے زیادہ تشویشناک بات یہ ہے کہ ریاست کے اندر سے متضاد آوازیں اٹھنے لگیں۔ ایک طرف وفاقی حکومت دہشت گردی کے خلاف دوٹوک موقف اپناتی ہے اور دوسری طرف خیبر پختونخوا کی قیادت کا لہجہ نرم، مبہم اور کئی مواقع پر ہمدردانہ دکھائی دیتا ہے۔ یہ تضاد صرف سیاسی اختلاف نہیں بلکہ دشمن کے لیے موقع بن جاتا ہے۔ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے حالیہ بیانات اسی تضاد کی عکاسی کرتے ہیں۔ کبھی وہ افغانستان کے لیے غیر ضروری نرمی دکھاتے ہیں، کبھی ٹی ٹی پی کے حوالے سے 'بات چیت' اور 'غلط فہمیوں' کی بات کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا دہشت گردی کسی غلط فہمی کا نتیجہ تھی؟ کیا پولیس لائنز میں ہونے والا خودکش دھماکہ کسی مذاکراتی عمل کا انتظار کر رہا تھا؟ یہ رویہ نہ صرف افسوسناک بلکہ قابلِ مذمت ہے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ وہ ایک صوبے کے انتظامی سربراہ ہیں، نہ کہ ریاستی دفاعی اور خارجہ پالیسی کے چیمپئن۔ قومی سلامتی، خارجہ امور اور دفاعی حکمتِ عملی آئین کے مطابق وفاق کا دائرہ اختیار ہیں۔ ایک صوبائی وزیراعلیٰ کا ان معاملات میں اپنی الگ لائن کھینچنا نہ صرف آئینی حدود سے تجاوز ہے بلکہ قومی یکجہتی کے لیے بھی نقصان دہ ہے۔ سب سے زیادہ افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ دہشت گردی کا سب سے بڑا بوجھ خود خیبر پختونخوا نے اٹھایا ہے۔ اسی صوبے کے عوام نے لاشیں اٹھائیں، اسی صوبے کی پولیس اور فورسز نے قربانیاں دیں۔ ایسے میں اسی صوبے کے وزیراعلیٰ کا دہشت گرد عناصر کے لیے نرم زبان استعمال کرنا شہداء کے خون سے ناانصافی کے مترادف ہے۔ یہ سوال پوری قوت سے اٹھتا ہے کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی آخر کیوں ریاستی دفاعی پالیسی کا ترجمان بننے کی کوشش کر رہے ہیں؟ انھیں اپنے صوبے کے ہسپتالوں، اسکولوں، روزگار، امن و امان اور پولیس اصلاحات پر توجہ دینی چاہیے، نہ کہ سرحد پار عناصر کے لیے جواز تراشنے پر۔

دہشت گردی کے معاملے پر دو رائے نہیں ہو سکتیں، یا تو آپ ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں یا ریاست کے دشمنوں کے ساتھ؟ درمیان کی پوزیشن سب سے زیادہ خطرناک ہوتی ہے کیونکہ یہی ابہام دہشت گردوں کو سانس لینے کا موقع دیتا ہے۔ تحریکِ انصاف کے بانی کے دور حکومت میں پاکستان کی افغان پالیسی کو جذباتی نعروں اور وقتی مقبولیت کے حوالے کر دیا گیا۔ 'برادرانہ تعلقات'، 'ہم ایک ہیں' اور 'سرحدیں نہیں ہوتیں' جیسے بیانیوں کے تحت افغان شہریوں کی بڑے پیمانے پر آمد کو نہ صرف نظرانداز کیا گیا بلکہ کئی مواقع پر اس کی حوصلہ افزائی بھی کی گئی۔ بغیر مؤثر دستاویزی نظام، سکیورٹی جانچ اور کنٹرول کے سرحدیں نرم کر دی گئیں۔ اس وقت جو آوازیں خطرات کی نشاندہی کر رہی تھیں، انھیں سیاسی بیانیے کے نیچے دبا دیا گیا۔ یہ سوال اٹھانا بھی جرم سمجھا گیا کہ کون آرہا ہے، کیوں آرہا ہے اور کس مقصد کے لیے آرہا ہے۔ آج انھی فیصلوں کی قیمت پاکستان دہشت گردی کی نئی لہر کی صورت میں ادا کر رہا ہے۔

SHOWBIZ شوبز

مداحوں کے مطابق یہاں سب کچھ ممکن ہے، ہانیہ کا جواب

اگر شادی ہوئی تو میں سادہ تقریب کو ترجیح دوں گی، ہانیہ عامر

کراچی (این این آئی) اداکارہ ہانیہ عامر نے کہا ہے کہ اتنی افواہوں کے بعد اب تو خود شادی کرنے کا سوچنے لگی ہوں، اگر شادی ہوئی تو سادہ تقریب کو ترجیح دوں گی۔ سوشل میڈیا پر شادی سے متعلق سوالات پر بات کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ انٹرنیٹ پر میری شادی کے بیشمار کارڈز گردش کر رہے ہیں، میں دراصل شادی نہیں بلکہ صرف شادی تھیم پر سالگرہ کی تقریب منانا چاہتی تھی، مگر مداحوں نے اس معاملے کو حد سے زیادہ سنجیدہ لے لیا۔ پاکستانی کرکٹر بابر اعظم سے شادی کے امکان کے سوال پر ہانیہ نے مزاحیہ انداز میں جواب دیتے ہوئے کہا کہ مداحوں کے مطابق یہاں سب کچھ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتنی افواہوں کے بعد اب تو میں خود بھی شادی کرنے کا سوچنے لگی ہوں اور اگر شادی ہوئی تو میں سادہ تقریب کو ترجیح دوں گی اور اپنی شادی پر جامنی رنگ کا لباس پہنوں گی۔

ضرار خان کی شادی کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل

لاہور (این این آئی) شوبز انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے اداکار ضرار خان کی شادی کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکار ضرار خان کی شادی کی تصاویر کے چرچے ہو رہے ہیں جبکہ اداکار نے حال ہی میں نکاح کیا تھا اور اب وہ دلہن گھر لے آئے ہیں۔ پر مسرت موقع پر دولہے نے سبز شیروانی میں خوش و خرم انداز میں دیکھا جاسکتا ہے۔ بارات لانے سے قبل اور شادی میں انہوں نے ڈانس پرفارمنس نے محفل کو چار چاند لگا دیئے جبکہ دلہن نے حسب روایت سرخ و سنہری امتزاج کے عروسی لباس کا انتخاب کیا۔

کرن جوہر، سلمان خان کی وینٹی وین میں کیوں رو پڑے؟

سلمان خان کے ایک فیصلے نے فلم 'کچھ کچھ ہوتا ہے' کے سیٹ پر انہیں رُلا دیا

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے معروف ہدایت کار کرن جوہر نے انکشاف کیا کہ ہے نامور اداکار سلمان خان کے ایک فیصلے نے فلم 'کچھ کچھ ہوتا ہے' کے سیٹ پر انہیں رُلا دیا تھا۔ بھارت کے نامور ہدایت کار و میزبان کرن جوہر 'کچھ کچھ ہوتا ہے' اور 'کبھی خوشی کبھی غم جیسی' ہٹ فلموں کے لیے جانے جاتے ہیں جب کہ انہوں نے اپنے کیریئر میں متعدد بلاک بسٹر فلمیں بالی ووڈ کو دی ہیں، تاہم ان کی کچھ فلمیں فلاپ بھی ثابت ہوئی ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے ماضی کی یادوں کو تازہ کرتے ہوئے بتایا کہ فلم 'کچھ کچھ ہوتا ہے' کے مشہور گانے 'ساجن جی گھر آئے' کی شوٹنگ کے دوران وہ سلمان خان کی وینٹی وین میں رو پڑے تھے۔

ماہرہ برقع پہنے گی تو ڈانس کیسے کرے گی؟

گلوکار و سماجی کارکن جواد احمد متنازع بیان پر تنقید کی زد میں آگئے

لاہور (سی ایم لنکس) گلوکار اور سماجی کارکن جواد احمد خواتین کے پردے سے متعلق متنازع بیان دینے پر شدید تنقید کی زد میں آگئے۔ تفصیلات کے مطابق جواد احمد حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ کے دوران اس وقت خبروں کی زینت بن گئے جب ان کی ایک خاتون سامع سے تلخ کلامی ہو گئی۔ مبینہ طور پر خاتون نے جواد احمد پر تنقید کی جس پر انہوں نے سخت ردِعمل دیتے ہوئے کہا کہ تنقید کرنے سے پہلے اپنے طرزِ عمل پر بھی نظر ڈالنی چاہیے۔ جواد احمد نے کہا کہ ان جیسے لوگوں کی جدوجہد کی بدولت آج خواتین کو اپنی پسند کے مطابق زندگی گزارنے کا اختیار حاصل ہے۔

اکشے کمار اور ٹوئنکل کھنہ غیر معمولی حادثے کا شکار ہوگئے

ایئرپورٹ سے گھر آرہے تھے کہ ان کی کار اور سکیورٹی گاڑی میں حادثہ ہوگیا



ممبئی (این این آئی) اکشے کمار اور ٹوئنکل کھنہ غیر معمولی حادثے کا شکار ہوگئے۔ معروف بھارتی اداکار اپنی اہلیہ کے ساتھ ممبئی میں ایئرپورٹ سے گھر آرہے تھے کہ ان کی کار اور سکیورٹی گاڑی غیر متوقع حادثے کا شکار ہوگئی۔ واضح رہے کہ اداکار اپنی اہلیہ کے ساتھ اپنی شادی کی 25 ویں سالگرہ منانے کیلئے بیرون ملک گئے ہوئے تھے، جہاں سے واپس گھر آتے ہوئے انہیں حادثہ پیش آیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایک تیز رفتار مرسڈیز کی ٹکر سے ایک آٹو رکشہ بے قابو ہوکر پہلے اکشے کمار کے سکیورٹی قافلے سے ٹکرایا اور پھر اکشے کمار کی گاڑی سے ٹکرا گیا۔

اے آر رحمان کی بیٹیاں والد کی حمایت میں سامنے آگئیں

مذہبی تعصب کی بنیاد پر مجھے ہندی فلم انڈسٹری میں کام ملنا بہت کم ہوگیا ہے، اے آر رحمان

ممبئی (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ بھارتی موسیقار، گلوکار، گیت نگار اور ریکارڈ پروڈیوسر اے آر رحمان کی بیٹیوں رحیمہ اور خدیجہ نے مذہبی تعصب برتے جانے کے اپنے والد کے بیان کے بعد ان پر ہونے والی تنقید کے جواب میں پوسٹ شیئر کی ہے۔ واضح رہے کہ آسکر ایوارڈ یافتہ گلوکار اور موسیقار اے آر رحمان نے برطانوی نشریاتی ادارے کے ساتھ اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا تھا کہ گزشتہ آٹھ برسوں میں انھیں ہندی فلم انڈسٹری میں کام ملنا بہت کم ہوگیا ہے اور اس کی وجہ فلم انڈسٹری میں طاقت کے توازن میں تبدیلی ہے اور یہ عناصر ان کے ساتھ مذہبی تعصب کی بنیاد پر ایسا کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا تھا کہ انڈسٹری کا پاور اسٹرکچر اور تخلیقی کنٹرول تخلیقی لوگوں سے دور ہوگیا ہے۔ 59 سالہ اے آر رحمان کے اس تبصرے نے آن لائن اور انٹرٹینمنٹ حلقوں میں ایک بحث چھیڑ دی۔

صرف وہی لوگ مشہور ہوئے جو کسی کا پیسہ کھا گئے: فضیلہ قاضی

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری سے وابستہ معروف سینئر اداکارہ فضیلہ قاضی کا کہنا ہے کہ صرف وہی لوگ مشہور ہوئے جو کسی کا پیسہ کھا گئے۔ حالیہ انٹرویو کے دوران باصلاحیت اداکارہ نے ساتھی اداکار فہد مصطفیٰ کو پہچاننے سے انکار جبکہ ہمایوں سعید سے بھی خفگی کا اظہار کر دیا۔ حال ہی میں انہوں نے احمد علی بٹ کے پوڈ کاسٹ میں شرکت کی، جہاں ستارہ امتیاز کی حامل اداکارہ نے شوبز انڈسٹری کے مختلف فنکاروں سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ دورانِ انٹرویو انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ آج کے کئی کامیاب پاکستانی پروڈیوسرز وہی افراد ہیں۔

گووندا کے افیئر اور اہلیہ سے اختلافات پر بھانجے کی لب کشائی

میں دل سے دعا کرتا ہوں کہ میرے ماموں اور ممانی کا رشتہ ہمیشہ مضبوط رہے



ممبئی (این این آئی) بولی ووڈ کے مشہور اداکار گووندا اور ان کی اہلیہ سنیتا آہوجا کے درمیان بڑھتے ہوئے اختلافات اور افیئر کی خبروں نے سوشل میڈیا پر کافی ہلچل مچا رکھی ہے۔ اسی ہلچل کو لے کر اب گووندا کے بھانجے ونے آنند کا بیان سامنے آیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گووندا کے بھانجے ونے نے دونوں کے بیانات پر الگ الگ ردِعمل دیتے ہوئے خاندان کی نجی زندگی کے احترام پر زور دیا اور کہا کہ ان کی خواہش ہے کہ یہ معاملہ میڈیا کی سنسنی سے دور رہ کر حل ہو۔ ونے آنند نے کہا، میں دل سے دعا کرتا ہوں کہ میرے ماموں اور ممانی کا رشتہ ہمیشہ مضبوط رہے اور یہ معاملہ نجی ہی رہے۔

SPORTS سپورٹس

امریکی ٹینس سٹار کوکو گف شاندار کارکردگی کی بدولت آسٹریلین اوپن ویمنز سنگلز تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئیں

میلبورن (این این آئی) امریکا کی نامور ٹینس سٹار اور عالمی نمبر تین کوکو گف اپنی فتوحات کو برقرار رکھتے ہوئے آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے ویمنز سنگلز دوسرے راؤنڈ میچ میں سربین حریف کھلاڑی اولگا دانیلووچ کو سٹریٹ سیٹس میں شکست دی۔ آسٹریلیا کے شہر میلبورن نے میں جاری 114 واں میگا ایونٹ میں بدھ کو کھیلے گئے ویمنز سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میچ میں 21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سربین حریف کھلاڑی اولگا دانیلووچ کو سٹریٹ سیٹس میں 2-6 اور 2-6 سے ہرا کر تیسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا، جہاں کوکو گف کا تیسرے راؤنڈ میں مقابلہ ہم وطن حریف کھلاڑی ہیلی ہپٹسٹ سے ہوگا۔ دو بار کی گرینڈ سلام چیمپئن کوکو گف نے ایک گھنٹہ 17 منٹ میں حریف سربین کھلاڑی کے خلاف کامیابی حاصل کی۔ مارگریٹ کورٹ ایرینا کی تیز دھوپ میں کھیلے گئے اس مقابلے میں فرنچ اوپن کی دفاعی چیمپئن کوکو گف کی سروس بہت مضبوط رہی جس نے حریف اولگا دانیلووچ کو دباؤ میں رکھا۔ 21 سالہ کوکو گف اسی ہاف میں عالمی نمبر ون آریانا سبالینکا کے ساتھ موجود ہیں۔

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام انچارج پارک سپورٹس کمپلیکس کے جنرل ہال میں کیلئے پنجاب چیک گیمز کے لئے پیس کی خواتین کھلاڑیوں کے ٹورنامنٹ جاری ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی سے ڈیڈ لائن ملنے کی خبر کو مسترد کر دیا

آئی سی سی نے ورلڈ کپ میں شرکت کے فیصلے پر مخصوص تاریخ نہیں دی، بی سی بی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل سے ڈیڈ لائن ملنے کی خبر کو مسترد کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بی سی بی عہدیدار امزاد حسین نے وضاحت جاری کی ہے جس میں انہوں نے کہا کہ آئی سی سی کی جانب سے ہمیں کوئی ڈیڈ لائن نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آئی سی سی نے ورلڈ کپ میں شرکت کے فیصلے پر مخصوص تاریخ نہیں دی، ہم نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کو ویینو کی تبدیلی کی درخواست کر رکھی ہے۔ یاد رہے آئی سی سی اور بی سی سی آئی وفد کی ڈھاکا میں ہونے والی ملاقات کے معاملے پر کرکٹ ویب سائٹ نے دعویٰ کیا تھا کہ 21 جنوری تک اس معاملے میں فیصلہ ہوجائے گا۔

پہلی بار پی سی بی کو محسن نقوی جیسا مضبوط چیئرمین ملا ہے، وکرانت گپتا

بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے بھارت نہ جانے کے معاملے پر پاکستان کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی کو خط لکھ دیا

نئی دہلی (این این آئی) معروف بھارتی اسپورٹس صحافی وکرانت گپتا نے کہا ہے کہ پہلی بار پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو محسن نقوی جیسا مضبوط چیئرمین ملا ہے۔ ایک شو میں بات کرتے ہوئے

بقیہ 1

سکے، سرکاری دفاتر، ہسپتالوں، سکولوں اور نجی اداروں میں حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں گے۔وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ آگ کے خطرات کو بروقت روکنے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں گے

بقیہ 2

بحالی سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی گفتگو اور تبادلہ خیال کیا۔چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ گلگت بلتستان کے دور دراز علاقوں میں مستحق خواتین کو بی آئی ایس پی میں شامل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس مقصد کے لیے صوبے میں دور دراز اور دشوار گزار علاقوں میں موبائل رجسٹریشن وینز کی تعیناتی کو مزید مؤثر بنایا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق خواتین کی رجسٹریشن ممکن ہو سکے۔انہوں نے مزید بتایا کہ بینظیر ہنر مند پروگرام کے تحت خواتین کو مختلف شعبوں میں مہارت فراہم کی جا رہی ہے، جس کا مقصد خواتین کی معاشی خودمختاری کو فروغ دینا اور روزگار کے بہتر مواقع پیدا کرنا ہے۔چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے صوبے میں درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ بی آئی ایس پی کے تمام پروگرام شفاف اور مؤثر طریقے سے مستحق افراد تک سہولیات پہنچانے کے لیے تیار ہیں۔گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ نے بی آئی ایس پی کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت گلگت بلتستان بی آئی ایس پی کے تمام پروگراموں کے موثر نفاذ میں ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔

بقیہ 3

(آرڈی اے)، راولپنڈی کینٹ بورڈ، پنجاب سال ڈیمز کے نمائندگان اور اسلام واٹر (سی ڈی اے) کے سینئر افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں اسلام آباد اور راولپنڈی میں پانی کے مسائل کے مستقل حل کیلئے شاہدرہ اور دوتارہ ڈیموں کی تعمیر کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ جڑواں شہروں میں پانی کی قلت کے مسئلے کو ہمیشہ کیلئے حل کرنے کیلئے دونوں ڈیمز کی تعمیر انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ڈیموں کے منصوبوں کو ترجیح بنیادوں پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ شاہدرہ ڈیم منصوبے کی فزیبلٹی اسٹڈی واپڈا کی جانب سے مکمل کی گئی ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ فیزیبلٹی اسٹڈی کے مطابق شاہدرہ ڈیم کی سائیٹ ڈیم کی تعمیر کیلئے انتہائی موزوں ہے۔اس سلسلے میں شاہدرہ ڈیم منصوبے کے تفصیلی ڈیزائن کیلئے میپاک کے کنسلٹنٹس کام کا آغاز کر رہے ہیں۔اجلاس میں واپڈا اور میپاک کنسلٹنٹس کی ٹیموں کی جانب سے جلد مشترکہ طور پر شاہدرہ ڈیم کی سائیٹ کے دورے کا فیصلہ کیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ دورے میں جیو ٹیکنیکل اور ٹوپوگرافیکل اور ہائیڈرولوجیکل اسٹڈیز کا جائزہ لیا جائیگا۔دوتارہ ڈیم منصوبے کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ واپڈا فیزیبلٹی اسٹڈی پر کام کر رہا ہے۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ دوتارہ ڈیم کی فیزیبلٹی اسٹڈی کو جلد مکمل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ دونوں منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط رابطوں کو یقینی بناتے ہوئے دونوں ڈیموں کی تعمیر کے عمل کو جلد حتمی شکل دی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلاتعطل پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ 4

کاکس کے چیئرمین سینیٹر دنیش کمار نے کاکس کے اراکین سینیٹر پونجومل بھیل، ایم این اے ڈاکٹر مہیش ملانی اور ایم این اے نیلم کماری کی نشاندہی پر اس سنگین معاملے کا نوٹس لیا۔سینیٹر دنیش کمار نے آئی جی سندھ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے اسلام آباد میں پارلیمانی اقلیتی کاکس کے اجلاس میں طلب کیا۔اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سندھ شرجیل کھرل نے کاکس کے چیئرمین اور اراکین کو یقین دہانی کرائی کہ تھرپارکر، میرپورخاص اور عمرکوٹ کے مجموعی طور پر 382 اقلیتی نوجوانوں جنہوں نے تمام مراحل کامیابی سے مکمل کئے ہیں، انہیں ایک ماہ کے اندر اندر سندھ پولیس میں کانسٹیبل کی ملازمت کے تقرری آرڈرز جاری کر دیے جائیں گے۔واضح رہے کہ یہ تقرریاں اقلیتی کوٹہ کے علاوہ، جنرل میرٹ کی بنیاد پر ہوں گی، اور یہ امیدوار میرٹ پر پورا اترنے کے باوجود ماضی میں کی گئی غلط تشریح کے باعث نظرانداز کئے گئے تھے۔یہ فیصلہ انصاف، مساوات اور آئینی تقاضوں کے عین مطابق ہے اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی جانب ایک اہم اور تاریخی پیش رفت ہے

بقیہ 5

کارکو بڑھاتے ہوئے راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ساتھ مل کر کام کا آغاز کر دیا ہے۔ اب پناہ مستحق لوگوں کے آپریشنز PNS،AFIC شفاء کے علاوہ RIC ہسپتال سے بھی کروائے گا۔اس سلسلے میں راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ساتھ ایک باقاعدہ MOU سائن کیا گیا اور MS-RIC ڈاکٹر قربان خان نے کہا کہ ہم اس مشن میں پناہ کے شانہ بشانہ کام کریں گے۔پناہ کے سیکریٹری جنرل شاہ اللہ صمصن نے میڈیکل سپرنٹینڈنٹ ڈاکٹر قربان حسین خان کے ساتھ مل کر راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں پہلی مریضہ کو آپریشن کے لیے داخلہ کروا دیا ہے۔پناہ غریب اور مستحق دل کے مریضوں کے بہترین علاج کے لیے کوشاں ہے تاکہ کوئی بھی بچہ علاج کی عدم دستیابی کی وجہ سے اُس دنیا سے نا جائے۔شاہ اللہ صمصن نے کہا کہ پناہ RIC کی انتظامیہ خاص طور پر ڈاکٹر قربان حسین خان کی کوششوں کے بہت مشکور ہیں۔

بقیہ 6

پتا ہی نہیں چلا۔انہوں نے کہا کہ حیرت انگیز طور پر گٹر کے ڈھکن کے پوسٹرز پر بھی سہیل آفریدی کی دو مختلف تصاویر شائع کی گئی ہیں، جیسے یہ کوئی تاریخی منصوبہ ہو۔عظمیٰ بخاری نے طنزیہ انداز میں کہا کہ خوامخواہ ہی تنقید ہوتی ہے کہ یہ لوگ کام نہیں کرتے، دیکھیے گٹر لگنے سے پہلے اور بعد کی تصاویر بھی جاری کر دی گئی ہیں۔وزیراطلاعات وثقافت پنجاب نے کہا کہ عوام اب محض تصویروں اور تشہیر سے بہلنے والے نہیں، انہیں حقیقی ترقی، بنیادی سہولیات اور عملی کارکردگی چاہیے، نہ کہ معمولی کاموں کو کارنامہ بنا کر پیش کیا جائے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں عوامی فلاح کے بڑے منصوبے عملی شکل میں نظر آ رہے ہیں، جبکہ دوسرے صوبوں میں معمولی کاموں پر بھی ڈھول پیٹا جا رہا ہے۔

بقیہ 7

کہ لیسکو نے لائن سٹاف کے لئے 40 بکٹ کرینز خریدنے کی منظوری دی ہے، اس کے علاوہ ایک ڈبل کیبن اور 10 سنگل کیبن گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، کمپنی کی جانب سے 24 چھوٹی گاڑیوں کی خریداری کیلئے بھی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔واضح رہے کہ لیسکو نے نومبر میں بھی سرکاری گاڑیوں کی خریداری کا عمل شروع کیا تھا تاہم اس وقت خریداری مکمل نہ ہو سکی تھی۔نومبر میں ناکامی کے بعد اب ایک بار پھر محکمانہ سطح پر خریداری کا عمل تیز کر دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق نئی گاڑیوں کی خریداری کا مقصد فیلڈ آپریشنز اور انتظامی امور کو بہتر بنانا بتایا جا رہا ہے، تاہم بڑھتے اخراجات پر مختلف حلقوں کی جانب سے سوالات بھی اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 8

(آر پی ٹینز) ڈاکٹر رامی محمود احمد کر رہے تھے۔ دورے کے دوران وفد نے پراجیکٹ کی تمام تعمیراتی سائٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔واپڈا کے اعلیٰ حکام، کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس کے ماہرین نے وفد کو منصوبے کے تکنیکی پہلوں سے آگاہ کیا۔بعدازاں جنرل منیجر اپراجیکٹ ڈائریکٹر مہند ڈیم عاصم رف خان نے پراجیکٹ آفس میں وفد کو منصوبے پر پیشرفت کے بارے میں ایک جامع بریفنگ دی ،جس میں انہوں نے تعمیراتی اہداف کے حصول اور مستقبل کے لائحہ عمل کے بارے میں آگاہ کیا۔وفد نے پراجیکٹ پرسول، الیکٹریکل اور مکینیکل ورکس کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کی اور بین الاقوامی اصولوں کے مطابق پراجیکٹ پر انجینئرنگ کے معیار کی تعریف کی۔اسلامی ترقیاتی بنک کی جانب سے منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے تعاون کی یقین دہانی کروائی گئی۔اسلامی ترقیاتی بنک مہند ڈیم کی تعمیر کے لئے 180 ملین ڈالر کی مالی معاونت فراہم کر رہا ہے۔یہ معاونت سپل وے لیکیٹس، ڈائی ورشن ٹنلز، لیکیٹس اور پاور ہاس کی ٹربائنز اور جنریٹرز کی تکمیل اور تنصیب پر خرچ کی جا رہی ہے۔ڈاکٹر رامی محمود احمد نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسلامی ترقیاتی بنک پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی اور توانائی کے شعبے میں خودکفالت کے لیے اپنا تعاون مستقبل میں بھی جاری رکھے گا۔

بقیہ 9

ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ صارفین کسی بھی پوسٹ، خبر یا لنک کو شیئر کرنے سے قبل اس کی تصدیق ضرور کریں کیونکہ بغیر تحقیق مواد پھیلانا قانون کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے۔ایجنسی نے واضح کیا ہے کہ اعلیٰ عدلیہ اور مقتدر اداروں کے خلاف غیر مصدقہ معلومات یا جھوٹی خبریں پھیلانا ایک سنگین قانونی جرم ہے۔

بقیہ 10

ریلیف دینے پر پابندی عائد کر دی گئی۔بتایا گیا ہے کہ لیسکو سے منظور شدہ لوڈ کے مطابق صارفین کو ایکسپورٹ شدہ یونٹس پر ریلیف ملے گا، اضافی سولر پینلز لگا کر بجلی کی پیداوار کرنے والوں کو نائیٹ جز یشن پر ریلیف نہیں ملے گا، بجلی کے تقسیم کار کمپنیوں میں اضافی بجلی کو صرف یونٹس کے طور پر لیا جائیگا۔لیسکو نے نیٹ میٹرنگ پر مشتمل کنکشنز پر اضافی پیداوار کی بلنگ پر چیک لگا دیا۔لیسکو کی جانب سے کرین اور ہائی ڈائریکٹیشل میٹرز کی ایم ڈی آئی ریکارڈ کی جائیگی،ایم ڈی آئی ریڈنگ میں امپورٹ اور ایکسپورٹ شدہ یونٹس سامنے آئیں گے۔ریڈنگ کی بنیاد پر اضافی بجلی پر صارفین کے بلوں میں ریلیف نہیں مل سکے گا۔ذرائع کے مطابق پاور پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ کمپنی نے مراسلہ جاری کر کے پابندی لگوائی ہے۔

بقیہ 11

کے مطابق پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریکویزیشن اتھارٹی (پیرا) میں سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر کی 101 اسامیوں کے لیے 9 ہزار 352 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب قرار پائے ہیں۔کامیاب امیدواروں کا انگلش مضمون کا پیپر چیک کیا جائے گا۔اسی طرح پنجاب پبلک سروس کمیشن نے سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں ایسوسی ایٹ پروفیسر کا حتمی نتائج کا بھی اعلان کر دیا ہے۔ایسوسی ایٹ پروفیسر کی ایک اسامی کے لیے ایک خاتون امیدوار کو کامیاب قرار دیا گیا ہے۔تمام نتائج پنجاب پبلک سروس کمیشن کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

بقیہ 12

کے مالی نظم وضبط کی کامیابی کی واضح علامت ہے۔ انہوں نے رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں محصولات میں 33 فیصد اضافی گروتھ کو خوش آئند قرار دیا۔مجتبیٰ شجاع الرحمان نے بتایا کہ جولائی سے دسمبر 2025 تک 149.5 ارب روپے کی ٹیکس وصولیاں ہدف کے حصول کی جانب بہترین پیش رفت ہیں۔اگر پی آر اے اسی رفتار سے کام جاری رکھے تو سالانہ اہداف سے بڑھ کر نئے ریکارڈ قائم کرے گی۔وزیرخزانہ نے کہا کہ ٹیکس وصولیوں میں اضافے کے لیے حکومت ٹیکس نیٹ کے پھیلاؤ کی پالیسی پر گامزن ہے اور موثر انفورسمنٹ ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔انہوں نے ڈیٹا بیسڈ مانیٹرنگ اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے پی آر اے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ سروسز سیکٹر میں ٹیکس بیس میں وسعت سے محصولات میں خاطرخواہ اضافے کا تخمینہ ہے جبکہ ریونیو میں اضافہ حکومت پنجاب کے ترقیاتی ایجنڈے کی بنیاد ہے۔بہتر مالی وسائل سے عوام کو تعلیم، صحت، سماجی تحفظ اور انفراسٹرکچر کی بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔مجتبیٰ شجاع الرحمان نے پی آر اے میں لارج ٹیکس پیئر آفس اور آڈٹ ووینجینس ونگز کے قیام کو کارکردگی میں بہتری کا اہم قدم قرار دیا اور کہا کہ حکومت پنجاب وفاقی اداروں کے تعاون سے بقایاجات کی وصولی اور مستقبل میں ٹیکس کمپلائنس کو یقینی بنائے گی۔

بقیہ 13

دیا جائے گا۔شہر لاہور سمیت پنجاب بھر کے تھیٹرز کو وارننگ جاری کر دی گئی۔

بقیہ 14

تھا، عمر کو گھر سے فیکٹری جاتے وقت حملہ آوروں نے فائرنگ کر کے قتل کیا تھا۔عمر کے قتل کے بعد رانا آفتاب نے نجی ٹیکسٹائل کو بطور منیجر جوائن کیا۔ذرائع کے مطابق رانا آفتاب اور عمر کا قتل مماثلت رکھتا ہے، دونوں کے قتل کے محرکات ایک ہی تو نہیں اس حوالے سے تفتیش میں پتا چل جائے گا۔عمر کے قتل کا مقدمہ قصور کے علاقے کوٹ رادھا کشن میں درج ہوا تھا۔

بقیہ 15

بچی ایک ہفتے سے کراچی کے نجی ہسپتال میں زیر علاج تھی۔گزشتہ دنوں میہڑ کے گاؤں انبار میں گلے کی بیماری میں مبتلا 3 بچے انتقال کر گئے تھے۔ انفیکشن سے بیمار 3 بچوں کا کراچی کے ہسپتال میں علاج جاری ہے۔ڈی ایچ او دادو ڈاکٹر امداد علی شاہ کے مطابق بچوں کو بخار کے بعد خطرناک انفیکشن سے گلے میں درد ہوتا ہے، یہ انفیکشن ایک بچے سے دیگر بچوں میں پھیل گیا۔

بقیہ 16

دینے کا فیصلہ کیا گیا۔کمیٹی کی قیادت وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کریں گے۔ارکان میں مفتی منیب الرحمٰن اور دیگر جید علمائے کرام اس کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔یہ کمیٹی مسائل کے مستقل اور قابل عمل حل کے لیے اپنی سفارشات پیش کرے گی۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مفتی منیب الرحمٰن اور دیگر علمائے کرام کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ مفتی منیب الرحمٰن سب کے لیے قابل احترام ہیں اور انہوں نے ہمیشہ اتحاد، اتفاق اور یکجہتی کا درس دیا ہے۔وہ سب کو متحد رکھنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔محسن نقوی نے زور دیا کہ ہم سب ایک ہیں اور پاکستان سب سے پہلے ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ علمائے کرام کے مسائل کا جائزہ لے کر انہیں فوری حل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے استحکام کے لیے علمائے کرام کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ملاقات کے اختتام پر مفتی منیب الرحمٰن نے ملک کی سالمیت، ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی۔وفد میں علامہ لیاقت حسین اظہری، مفتی عابد مبارک المدنی اور ملک محمد ابراہیم، وفاقی سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا، آئی جی اسلام آباد علی ناصر رضوی اور دیگر اعلیٰ حکام موجود تھے۔

بقیہ 17

گھر کی دہلیز پر دیں گے۔جھنگ جیسے دور افتادہ شہر میں کیتھ لیب دیکھ کر خوشی ہوئی، میرا خواب پورا ہوا۔اب غریب امیر کا ایک ہی جیسا علاج ہوگا۔ میرے ذہن میں کوئی تفریق نہیں۔غربت اور وسائل کی کمی کے شکار افراد کے لئے ہارٹ اٹیک کسی قیامت سے کم نہیں۔مشکل کی گھڑی میں مریض کو شفٹ کرنے کے لئے گاڑیوں کے کرائے بھی ادا کرنے پڑتے ہیں۔ہارٹ اٹیک ہونے پر 60 منٹ کے گولڈن آور میں مریض کو ہسپتال شفٹ کرنے سے جان بچائی جاسکتی ہے۔جھنگ میں کیتھ لیب دیکھ کر بے حد خوشی ہوں، خوشی کے جذبات پر قابو پانا مشکل تھا۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جھنگ کی کیتھ لیب میں مریض کے پروسیجر کا مشاہدہ کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں لوگوں نے بتایا کہ ہارٹ اٹیک ہونے پر مریض لاہور لیجانے کی بجائے جھنگ ہسپتال میں لائے ہیں۔مریض کو فیصل آباد کارڈیالوجی میں 8 ماہ بعد کی تاریخ ملی، جھنگ میں 48 گھنٹے میں پروسیجر مکمل ہوگیا۔ انتظامیہ کی معاونت کے بغیر ممکن نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ کبھی کبھی کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز سے سختی برتنا پڑتی ہے لیکن سختی ذمہ داری کے بوجھ پر کی جاتی ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہم عوام کے دکھ درد میں ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے۔پنجاب بھر میں 16 کیتھ لیب کا آغاز ہفتوں اور مہینوں میں کیا۔ساہیوال، مری اور سرگودھا میں کارڈیالوجی کے انسٹی ٹیوٹ بنائے۔مری میں علاج کے لئے دور دراز علاقوں کے علاوہ کے پی کے سے بھی سے لوگ آتے ہیں۔ہم نے اپنے دروازے دوسرے صوبوں کے بہن بھائیوں کے لئے کھول رکھے ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جب بھی نیا ہسپتال ڈیزائن کرتے ہیں، دوسرے صوبوں کے مریضوں کی ضرورتوں کو بھی مدنظر رکھتے ہیں۔لاہور میں 100 بیڈ کا پہلا سرکاری کینسر ہسپتال پنجاب کے علاوہ دوسرے صوبوں کے مریضوں کی ضرورتوں کو بھی مدنظر رکھ کر بنایا جا رہا ہے۔جھنگ میں کیتھ لیب کو باقاعدہ افتتاح سے پہلے ہی فنکشنل کر دیا تاکہ مریضوں کو پریشانی نہ ہوں۔جھنگ میں چند دنوں میں 30 انجیو گرافی اور پلاٹی پروسیجر ہو چکے ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے 10 ہزار بچے کارڈیک سرجری کے صحت یاب ہو چکے ہیں، ان میں کے پی کے، سندھ، آزاد کشمیر کے بچے شامل ہیں۔والدین اپنے بچوں کو بہتر علاج کے لئے دوسروں صوبوں سے پنجاب لاتے ہیں۔مریضوں کو فوری علاج کے لئے منتقل کرنا پیٹر ایمبولینس شروع کی۔انہوں نے کہا کہ فالج کے مریضوں کو سرکاری ہسپتالوں میں لاکھوں روپے کا ٹی این کے انجکشن فری لگے گا۔مراکز صحت کو سٹیٹ آف دی آرٹ کلینک میں بدلنے سے مریضوں کی تعداد میں کئی گنا اضافہ ہوا۔لوگ اب بڑے ہسپتالوں میں جانے کی بجائے قریبی سرکاری کلینک پر آتے ہیں۔ٹیلی میڈیسن سسٹم کے تحت ڈاکٹر فون کی سکرین پر موجود ہوگا۔پنجاب بھر میں دنیا بھر سے بہترین کنسلٹنٹ ڈاکٹر لا رہے ہیں۔ہسپتالوں کی ڈیپ کلینگ کا روزانہ ویڈیو دیکھتی ہوں۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف میڈیکل سٹی میں ان پیچیدہ بیماریوں کا علاج ہوگا جو یہاں ممکن نہیں تھا۔نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں چلڈرن ہسپتال، کارڈیالوجی، بلڈ ڈیزیز، ہڈیوں کے پیچیدہ امراض اور جلنے والے مریضوں کا بھی علاج ہوگا۔نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ جینٹک/موذی امراض کا بھی علاج ہوگا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کینسر کے علاج کے لئے چین سے نئی مشین اور ٹیکنالوجی لائے، ایک گھنٹے میں مریض کینسر فری ہو جاتا ہے۔کوابلیشن مشین میں کینسر کے علاج کے لئے پروب آلہ 16 لاکھ روپے کا آتا ہے، محکمہ ہیلتھ کو 6 ارب روپے دے چکے ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب ٹیکنالوجی اور گڈ گورننس ریکارڈ قائم کر رہا ہے، پنجاب ایسی ماں کے مانند ہے جو خود جاکر تکلیف کا علاج کرتی ہے۔ کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹر اب گھر گھر جاکر لوگوں کا علاج کریں گے اور چھ ماہ میں مکمل ہیلتھ پروفائل بنائیں گے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کی خدمت کے مشن میں اللہ تعالیٰ کی مدد آ رہی ہے، بیماری اور تکلیف آ جائے تو حکومت کو خود پہنچانا چاہیے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کے پی کے میں دل کے پیدائشی مریض بچے کے والد نے علاج کے لئے اپیلیں کیں کسی نے مدد نہیں کی۔ کمسن ہارٹ پیشنٹ کے والد نے کہا کاش ہماری وزیراعلیٰ مریم نواز ہوتیں۔میں محنتی ہوں جو مریض کے علاج میں غفلت کرتے ہیں انہیں حکومت کرنا کا کوئی حق نہیں۔انہوں نے کہا کہ دریائے فرات کے کنارے کتا پیاسا مر جائے تو حضرت عمرؓ ذمہ دار ہیں تو سی ایم کیسے ذمہ دار نہیں ہوسکتا ہے۔گٹر کا ڈھکن نہ ہونے سے مرنے والوں کا ذمہ دار کون ہے؟ کیتھ لیب پراجیکٹ کی تکمیل پر صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر کو مبارکباد دیتی ہوں۔سیکرٹری ہیلتھ نادیہ ثاقب اور پوری ٹیم کو شاباش دیتی ہوں۔کمشنر فیصل آباد راجہ جہانگیر انور اور ڈی سی علی اکبر کو بھی کیتھ لیب کی تکمیل پر شاباش دیتی ہوں اور جھنگ میں کرائم کا گراف نیچے لانے پر ڈی پی او اور پوری پولیس ٹیم کو بھی شاباش دیتی ہوں۔

بقیہ 18

کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔سول جج تسمیہ اختر کا قصور سے ٹوبہ ٹیک سنگھ تبادلہ کیا گیا۔سول جج رابعہ ریاض دیپال پور سے ماڈل ٹاؤن، عادل انیس میاں چنوں سے لاہور تبدیل ہو گئے۔سول جج ظفر اقبال کو بھی راجن پور سے لاہور لگا دیا گیا۔رضوان یوسف کو چیچہ وطنی سے سمندری اور فخر شبیر کو بہاولپور سے خانیوال تعینات کیا گیا۔تمام سول ججز کو 23 جنوری تک اپنی نئی تعیناتی کی جگہ پر رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 19

لاشیں ایک کراکری کی دکان سے ملی ہیں، لوگوں نے خود کو بچانے کیلئے دکان میں بند کر لیا تھا۔ڈی آئی جی ساؤتھ نے کہا کہ ان افراد کی آخری موبائل لوکشن بھی اسی جگہ کی آئی تھی۔انہوں نے کہا کہ اطلاع پر تیسرے فلور پر ریسکیو آپریشن وقتی طور پر روکا گیا۔دکانداروں نے میزنائن فلور پر لوگوں کی موجودگی کی نشاندہی کی گئی تھی،عمارت سے ملبہ ہٹانے کا کام روک دیا گیا، پہلے لاشیں نکالی جارہی ہیں، سانحہ گل پلازا سے ملنے والی لاشوں کی تعداد 61 ہوگئی ہے۔گل پلازا میں کراکری کی دکان کے مالک سلمان نے کہا کہ کراکری کی دکان سے ہم نے خود 14 افراد کی باقیات نکالی ہیں، ہماری دکان میز نائن فلور پر ہے، واقعے کے وقت ہمارے کزن اور ملازمین بھی تھے۔سلمان نے کہا کہ دکان میں بڑی تعداد میں خواتین اور دیگر افراد بھی موجود تھے۔پولیس سرجن ڈاکٹر سمعیہ نے کہا کہ ہمارے پاس اب تک دو دکانوں سے 21 باقیات لائی گئی ہیں، ہم ابھی کنفرم نہیں کر سکتے کہ یہ 21 لاشیں ہی ہیں یا کتنے افراد کی باقیات ہوسکتی ہیں، صبح سے سول ہسپتال میں صرف باقیات ہی لائی گئی ہیں۔کمشنر کراچی کے مطابق ہمارے ڈیٹا کے مطابق 86 افراد لاپتہ ہیں۔

بقیہ 20

کے منشور اور قائد کے وژن کے حوالے سے تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔اس موقع پر انجینئر رحیم الدین نعیم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ نفسا نفسی اور ہیجانی کیفیت میں ملک میں انہیں واحد ایسی شخصیت نظر آتی ہے جن کے اندر ملک وقوم کے لیے حقیقی فکر اور عملی فلاحی جذبہ موجود ہے، اور وہ شخصیت پاکستان عوامی قوت پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ روایتی سیاستدان عوام کا خون چوس کر سیاسی رشوت دیتے ہیں، جبکہ خاقان وحید خواجہ واحد لیڈر ہیں جن کے پاس نہ کوئی حکومتی عہدہ ہے اور نہ ہی کوئی ویلفیئر فاؤنڈیشن، اس کے باوجود وہ اپنی محنت سے کمائی گئی رقم اپنی جیب سے عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کر رہے ہیں، جو بلاشبہ مخلوقِ خدا کی عظیم خدمت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ خاقان وحید خواجہ سے ملاقات کے خواہشمند ہیں اور آئندہ مل کر ملک وقوم کی بہتری کے لیے جدوجہد کریں گے۔اس موقع پر سیکرٹری جنرل ملک اعجاز نے کہا کہ چیئرمین خاقان وحید خواجہ روایتی سیاستدان نہیں بلکہ ایک واضح ویژن رکھتے ہیں، جن کا مؤقف ہے کہ صرف وعدے نہیں بلکہ عملی اقدامات کر کے عوام کے پاس جایا جائے۔ملاقات میں راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال راولاکوٹ کے سی ایس او ڈاکٹر بلال، انفارمیشن سیکرٹری راجہ ابرار حسین اور کوآرڈینیٹر سہراب لطیف بیگ بھی موجود تھے۔

بقیہ 21

کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔اسی طرح مقامی صرافہ بازاروں میں 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 12 ہزار 700 روپے کے بڑے اضافے سے پہلی بار 5 لاکھ 6 ہزار 362 روپے کی نئی بلند سطح پر آ گئی، جبکہ فی 10 گرام سونے کی قیمت 10 ہزار 888 روپے بڑھ کر 4 لاکھ 34 ہزار 123 روپے کی سطح پر آ گئی ہے۔ملک میں فی تولہ چاندی کی قیمت بھی 64 روپے کے اضافے سے پہلی بار 9 ہزار 933 روپے کی نئی بلند سطح پر پہنچ گئی ہے۔

بقیہ 22

کھوکھر پی پی 167 سے بلامقابلہ کامیاب ہوئے۔پی پی 167 کی نشست عرفان شفیع کھوکھر کے انتقال کے باعث خالی ہوئی تھی۔عرفان شفیع کھوکھر کے بعد ان کے والد ملک شفیع کھوکھر الیکشن میں کھڑے ہوئے جبکہ دیگر امیدواروں نے کاغذات واپس لے لیے تھے۔واضح رہے کہ ملک شفیع کھوکھر ایم این اے ملک سیف الملوک کھوکھر اور افضل کھوکھر کے بڑے بھائی جبکہ صوبائی وزیر فیصل ایوب کے تایا بھی ہیں۔

بقیہ 23

کے فعال رکن رہے جنہوں نے عوامی خدمت اور جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے گراں قدر خدمات انجام دیں۔انہوں نے کہا کہ مرحوم کی سیاسی و پارلیمانی خدمات کو یاد رکھا جائے گا۔سپیکر سردار ایاز صادق نے مرحوم کے اہل خانہ اور لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔سپیکر قومی اسمبلی نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ مرحوم راجہ نادر پرویز کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 24

میں پیش ہونا ممکن نہیں، جبکہ بطور وزیر ان کی اہم سرکاری مصروفیات بھی اس امر میں رکاوٹ ہیں۔درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ عظمیٰ بخاری کا بیان ویڈیو لنک کے ذریعے ریکارڈ کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ عدالتی کارروائی میں مکمل تعاون بھی یقینی بنایا جا سکے اور سیکورٹی خدشات سے بھی بچا جا سکے۔واضح رہے کہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی جانب سے عظمیٰ بخاری کی جعلی ویڈیو وائرل کرنے کے معاملے پر مقدمہ درج کیا جا چکا ہے، جس میں فلک جاوید، شفیق ریاض سمیت دیگر افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔عدالت نے مذکورہ مقدمے میں عظمیٰ بخاری کو آج بیان ریکارڈ کرانے کے لیے ذاتی حیثیت میں طلب کیا تھا، تاہم اب عدالت سے درخواست کی گئی ہے کہ بیان ویڈیو لنک کے ذریعے ریکارڈ کرنے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 25

ہی مذاکرات چاہتی ہے، ہماری طرف سے ایک ہی شرط ہے کہ مذاکرات پاکستان کے لیے ہوں گے۔طلال چوہدری نے کہا کہ کمیٹی، اسپیکر کا آفس اور مذاکرات پیشکش ابھی بھی ادھر ہی ہے، اب اسپیکر کے آفس تک آنا ہے تو وہ اپوزیشن نے آنا ہو گا، پاکستان کے مسائل اور عام آدمی کی زندگی کو بہتر کرنے کے لیے بات کرنا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر نے فلور آف دی ہاؤس کہا کہ مثبت کاموں میں آپ کی حمایت کریں گے، بسم اللہ کریں، دہشت گردی پر آپ ہمارا ساتھ دیں، آپ دہشت گردی پر ہمارے ساتھ بیٹھیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کو نہیں گلیوں میں پھرنے کے بجائے وزیراعظم کی کمیٹی میں آئیں، ان کیمرا یا کوئی اور سیشن ہوتا ہے تو وزیراعلیٰ وہاں آئیں ت

جرائم پیشہ عناصر کیلئے گوجرخان کی زمین تنگ کردی ہے، سید دانیال حسن

گوجرخان پولیس کا جوے کے اڈے پر بڑا کریک ڈاؤن 12 قمار باز رنگے ہاتھوں گرفتار، لاکھوں کی نقدی اور موبائل فونز قبضے میں لے لیے

اشتہاری مجرم کی موجودگی کی اطلاع پر ایس ایچ او طیب بیگ کا جوئے کے ڈیرے پر چھاپہ ڈکیتی وقتل میں مطلوب حمزہ خطیب فرار

گوجرخان (قمر شہزاد) پولیس تھانہ گوجرخان نے معاشرے کے ناسور جوئے اور سنگین جرائم کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی اپناتے ہوئے شہر کے گنجان آباد علاقے میں بڑی کارروائی کی ہے ۔ ڈکیتی اور قتل جیسے سنگین مقدمات میں مطلوب خطرناک اشتہاری مجرم حمزہ کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیر نگرانی ایس ایچ او گوجرخان مرزا طیب ظہیر بیگ نے نفری کے ہمراہ وارڈ نمبر آٹھ جوئے کے ڈیرے پر چھاپہ مارا، جہاں بڑے پیمانے پر ڈولی دانہ پر جوا کھیلا جا رہا تھا۔ پولیس نے موقع سے فہد سلیم، عمران اسحاق، راجہ (بقیہ نمبر 28)

6 روز کے دوران شہر بھر سے 129 پیشہ ور بھکاری گرفتار

68 مرد، 60 خواتین اور ایک خواجہ سرا شامل، کریک ڈاؤن جاری

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 روز کے دوران شہر بھر سے 129 پیشہ ور بھکاری گرفتار کر لئے جن میں 68 مرد، 60 خواتین اور ایک خواجہ سرا شامل ہے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 06 روز کے دوران شہر بھر سے 129 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کیا گیا، زیر حراست افراد میں 68 مرد، 60 خواتین اور 01 خواجہ سرا شامل (بقیہ نمبر 29)

لاہور کمشنر اور میز پاکستانی کمیشن پنجاب تمن رائے اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

خیبر پختونخوا اور کشمیر میں بارش اور برفباری، فلیش فلڈ کا خطرہ

24 جنوری تک طاقتور مغربی سسٹم ملک کے بالائی علاقوں کو متاثر کر سکتا ہے، حکام

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اور کشمیر میں بارش اور برفباری کی وجہ سے فلیش فلڈ کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ حکام کے مطابق بدھ سے 24 جنوری تک طاقتور مغربی سسٹم ملک کے بالائی علاقوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ سسٹم کے تحت خیبر پختونخوا اور کشمیر میں بارش اور برفباری کا امکان ہے جس کے باعث دریائے کابل اور معاون ندی نالوں میں فلیش فلڈ کا خدشہ ہے۔ فیڈرل فلڈ کمیشن نے سوات، چترال، دیر، مالاکنڈ اور مانسہرہ سمیت متعدد اضلاع کیلئے الرٹ (بقیہ نمبر 31)

15 پتنگ سپلائر گرفتار، 2700 سے زائد پتنگیں، 39 ڈوریں برآمد

پتنگ بازی کو ناقابل ضمانت جرم قرار دیا گیا ہے، گوجرخان پولیس

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 15 پتنگ سپلائر گرفتار کر کے 2700 سے زائد پتنگیں اور 39 ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 1100 پتنگیں اور 15 ڈوریں برآمد کیں، دیسٹریج پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 1000 پتنگیں اور 04 ڈوریں برآمد کیں، ایئر (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی پولیس کی پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائیاں، زیر حراست افراد سے پتنگیں اور ڈور میں برآمد

ڈاکٹر ملک نوید اختر پنجاب کے ویکسی نیشن مشن کے نئے سپہ سالار مقرر

ڈاکٹر ملک نوید اختر پنجاب ایڈز کنٹرول پروگرام کو بہتر بنانے کے لیے خدمات انجام دے رہے تھے

بیک وقت دو اہم ترین پراجیکٹس کی سربراہی اعلیٰ حکام کے ان پر غیر متزلزل اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے

گوجرخان (قمر شہزاد) حکومت پنجاب نے محکمہ صحت میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے متحرک ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان ڈاکٹر ملک نوید اختر کو ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز EPI پنجاب کے عہدے پر تعینات کر دیا ہے۔ ان کی انتظامی صلاحیتوں کے پیش نظر یہ بھاری ذمہ داری سونپی گئی ہے ڈاکٹر ملک نوید اختر، جو اپنی محنت اور ویژن کی بدولت محکمہ صحت میں ایک الگ پہچان رکھتے ہیں، اب صوبے بھر میں (بقیہ نمبر 34)

7 پتنگ سپلائر گرفتار، پتنگوں اور ڈوروں کی بھاری کھیپ برآمد

زیر حراست افراد سے پتنگوں اور ڈوروں کی بھاری کھیپ برآمد ہوئی

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے 7 پتنگ سپلائر گرفتار کر کے پتنگوں اور ڈوروں کی بھاری کھیپ برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر پیرودھائی پولیس نے پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 07 پتنگ سپلائرز کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے پتنگوں اور ڈوروں کی بھاری کھیپ برآمد ہوئی، زیر حراست افراد سے 9 ہزار پتنگیں اور 200 ڈوریں برآمد ہوئیں، پیرودھائی پولیس کو پتنگوں (بقیہ نمبر 35)

سات مجرمان اشتہاریوں سمیت 18 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاون جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث سات مجرمان اشتہاریوں سمیت 18 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا ۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاون جاری ہے۔

پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام بارے آگاہی واک

ایس ایچ اوز اور انجمن تاجران سمیت شہریوں کی کثیر تعداد کی شرکت

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او کی ہدایات پر پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام اور اسکے نقصانات کے حوالے سے آگاہی واک تھانہ رتہ امرال اور واہ کینٹ کے مختلف علاقوں میں کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات پر پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام اور اسکے نقصانات کے حوالے سے آگاہی (بقیہ نمبر 37)

کسٹمز انفورسمنٹ پشاور کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں

17 کروڑ روپے مالیت کا اسمگل شدہ سامان اور گاڑیاں ضبط، کارروائیاں اسمگلنگ، غیر قانونی تجارت کیخلاف اہم پیش رفت ہیں

سامان اور گاڑیوں کی مجموعی مالیت 17 کروڑ روپے ہے، تمام کیسز میں متعلقہ قوانین کے تحت قانونی کارروائی کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) کسٹمز انفورسمنٹ پشاور نے تین کامیاب انسداد اسمگلنگ کارروائیوں کے دوران 17 کروڑ روپے مالیت کا اسمگل شدہ سامان اور اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی گاڑیاں ضبط کر لیں، یہ کارروائیاں اسمگلنگ، غیر قانونی تجارت اور منشیات کی ترسیل کے خلاف اہم پیش رفت ہیں۔ کلیکٹریٹ کی مختلف فارمیشنز کی جانب سے کارروائیوں کے دوران غیر ملکی ساختہ چرس (حشیش)، کاجو، کالی مرچ، سگریٹس، متفرق اشیاء اور نان ڈیوٹی پیڈ (این ڈی پی) ٹویوٹا ہائی لکس سرف سمیت اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی پولیس کی پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائیاں، زیر حراست افراد سے پتنگیں اور ڈور میں برآمد

ڈپٹی کمشنر چکوال کی شہریوں سے ملاقات، مسائل سن کر حل کیلئے ہدایات جاری

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ اس موقع پر شہریوں نے مختلف نوعیت کے مسائل پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے متعلقہ محکموں کے افسران کو عوامی مسائل کے فوری اور بروقت (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی: گنجمنڈی پولیس کی کارروائی، زیر حراست افراد سے آتش بازی کا سامان برآمد

واپڈا اسپیکو ڈیفالٹرلسٹ آپریشن، ڈی ایس یو رینجرز کی کارروائی

نادہندگان کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے متعدد افراد کو نوٹسز جاری

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کنٹکوٹ: واپڈا اسپیکو ڈیفالٹرلسٹ آپریشن، ڈی ایس یو رینجرز کی کارروائی کنٹکوٹ واپاسپیکو سب ڈویژن ون میں ڈیفالٹرز کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی گئی ڈی ایس یو رینجرز کنٹکوٹ کی جانب سے ڈیفالٹرلسٹ آپریشن کامیابی کے ساتھ مکمل کیا گیا تفصیلات کے مطابق آپریشن کے دوران نادہندگان کے خلاف (بقیہ نمبر 40)

تمام آپریشن سرکلز انچارج کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے

صارفین کی بجلی سے متعلقہ شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این ای این) صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے بارے میں بہتر آگاہی اور ان کے بروقت ازالے کو ممکن بنانے کے لیے آئیسکو انتظامیہ نے تمام آپریشن سرکلو میں مور خہ 22 جنوری 2026 (بروز جمعرات) صبح 10:00 سے دن 12:00 بجے تک منعقد کی جانے والی کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری کر دیا ہے ۔ جس کے مطابق (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی تھانہ گوجرخان پولیس کی کارروائی، زیر حراست افراد سے داؤ پر لگی رقم موبائل فون، ڈولی دانے اور دیگر سامان برآمد

راولپنڈی، دو گینگز کے 3 ملزمان گرفتار

5 مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون و رقم 25 ہزار، اسلحہ برآمد

شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنیوالوں کو نہیں چھوڑینگے

راولپنڈی (این این آئی) پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے دو گینگز کے 3 ملزمان گرفتار کر کے 5 مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون و رقم 25 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا ۔ تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم، موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث دو گینگز کے 3 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگز سے 5 مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون و رقم 25 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد ہوا، تھانہ آر اے بازار پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل و چھینا گیا موبائل فون، رقم 25 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد (بقیہ نمبر 42)

ڈی پی او کاشف ذوالفقار کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

شہریوں کے مسائل حل کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او

چکوال (این این آئی) ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے کھلی کچہری کے دوران درخواست دہندگان کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کاشف ذوالفقار نے سروس ڈیلیوری کا معیار بہتر بنانے کے لیے روزمرہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں تمام درخواست دہندگان کے مسائل سنے گئے اور انکو موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے گئے۔ شہریوں کے مسائل فوری طور پر (بقیہ نمبر 43)

لاہور، صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں منظور وٹو کے تعزیتی ریفرنس کے موقع پر شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

راولپنڈی، جواء کھیلنے والے 13 افراد گرفتار

داؤ پر لگی رقم 42 ہزار 700 روپے، 12 موبائل فون و دیگر سامان برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ گوجر خان پولیس نے بذریعہ ڈولی دانہ جواء کھیلنے والے 13 افراد گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 42 ہزار 700 روپے، 12 موبائل فون، ڈولی دانے اور دیگر سامان برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بذریعہ ڈولی دانہ جواء کھیلنے والے 13 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے (بقیہ نمبر 44)

کراچی: گل پلازہ آتشزدگی کے پانچویں روز ملبہ ہٹانے کا کام جاری ہے

آتش بازی کا سامان فروخت کرنیوالے 2 افراد گرفتار

380 گولے، 110 ہوائیاں، 105 ماچس پٹاخے، 90 انار برآمد

راولپنڈی (این این آئی) گنجمنڈی پولیس نے آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے 2 افراد گرفتار کر کے 380 گولے، 110 ہوائیاں، 105 ماچس پٹاخے، 90 انار، 18 چائنہ سٹیک برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے 2 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے 380 گولے، 110 ہوائیاں، 105 ماچس پٹاخے، 90 انار، 18 چائنہ سٹیک برآمد ہوئیں، زیر حراست افراد کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کر لیا گیا۔

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کی کھلی کچہری

کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلہ میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے (بقیہ نمبر 45)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

9 افراد زیر حراست، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 9 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 9 افراد کو حراست میں لے کر 24 لیٹر 13 بوتل شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ سٹی، بنی، پیرودھائی، دیسٹریج، صدر واہ، واہ کینٹ، گوجرخان اور دھمیال کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے (بقیہ نمبر 36)

نامعلوم موٹر سائیکل سوار خاتون سے پرس اور موبائل فون چھین کر فرار

چکوال (این این آئی) چکوال پریس کلب کے نزدیک تھانہ سٹی کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار خاتون سے پرس اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ خاتون خریداری کے بعد گھر کی طرف واپس آ رہی تھی کے موٹر سائیکل پر سوار افراد نے چھپا مار کر خاتون کا پرس جس میں نقدی اور موبائل فون جو ہاتھ میں تھا چھین کر فرار ہو گئے۔ تھانہ سٹی چکوال میں ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بڑے پلازوں اور شاپنگ مالز کی فائر سیفٹی صورتحال تشویشناک

1722 عمارتیں ڈی کیٹگری قرار

ابتدائی سروے رپورٹ میں لاہور سب سے زیادہ غیر محفوظ 13 عمارتیں مکمل طور پر خطرناک قرار، فائر الارم، ایمرجنسی ایگزٹ کی شدید کمی کا انکشاف

پنجاب ایمرجنسی اینڈ ریسکیو ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے صوبے بھر میں 2214 عمارتوں کی ابتدائی فائر سیفٹی سروے رپورٹ حکومت کو پیش

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بڑے پلازوں، مارکیٹس اور شاپنگ مالز سے متعلق ابتدائی فائر سیفٹی سروے کی رپورٹ حکومت کو پیش کر دی گئی ۔ پنجاب ایمرجنسی اینڈ ریسکیو ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے صوبے بھر میں 2214 عمارتوں کا ابتدائی فائر سیفٹی سروے کیا گیا، جس میں تشویشناک صورتحال سامنے آئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 1722 عمارتوں کو ڈی کیٹیگری میں رکھا گیا ہے، جن میں سنگین حفاظتی خدشات موجود ہیں۔ لاہور میں صورتحال سب سے زیادہ خطرناک قرار دی گئی ہے، جہاں (بقیہ نمبر 46)

لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی پارس اینڈ کیبل شو 2026ء کی تیاریوں سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی حفاظتی ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اقدام قتل اور دہشت گردی کے کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی حفاظتی ضمانت منظور کر لی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جسٹس محمد اعظم خان نے 10 ہزار کے مچلکوں پر دو دن کے لیے حفاظتی ضمانت منظور کی۔ عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو 2 دن میں متعلقہ عدالت سے رجوع کرنے کا حکم دے دیا۔ وکیل کامران مرتضیٰ نے کہا کہ پہلی مرتبہ کسی خاتون نے رات احاطہ عدالت میں گزاری ہے۔

بلدیاتی الیکشن سے متعلق صدارتی آرڈیننس، التوا کیخلاف درخواست پر جواب طلب

اسلام آباد: (اے ایف بی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت کے بلدیاتی انتخابات سے متعلق صدارتی آرڈیننس اور التواء کے خلاف درخواست پر وفاق اور الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا جبکہ عدالت نے اسی نوعیت کی جماعت اسلامی کے کیس کے ساتھ درخواست کو یکجا کر دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محمد اعظم خان نے مرکزی مسلم لیگ کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار انعام (بقیہ نمبر 48)

خلیل الرحمان قمر نازیبا ویڈیو کیس، ملزمہ آمنہ عروج کی ضمانت منظور

عدالت نے آمنہ عروج کو 3 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض رہا کرنے کا حکم دیدیا

لاہور (این این آئی) معروف ڈرامہ نگار خلیل الرحمان قمر کی مبینہ نامناسب ویڈیو وائرل کرنے کے مقدمے میں نامزد ملزمہ آمنہ عروج کی ضمانت منظور کر لی گئی۔ ایڈیشنل سیشن جج منصور احمد قریشی نے فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد محفوظ کیا گیا فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے ملزمہ کی درخواستِ ضمانت بعد از گرفتاری تین لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض منظور (بقیہ نمبر 47)

بغیر ایم ٹیگ گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں کا سلسلہ جاری

ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد 11 ہزار 963 گاڑیوں کی انسپکشن کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں بغیر ایم ٹیگ گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ حکام کے مطابق ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد مجموعی طور پر 11 ہزار 963 گاڑیوں کی انسپکشن کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق شہر کی 8 سب ڈویژنز میں بغیر ایم ٹیگ 1 ہزار 911 گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئیں جبکہ اب تک شہر بھر میں مجموعی طور پر 1 لاکھ 75 ہزار 346 گاڑیوں کو ایم ٹیگ جاری کیے گئے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران (بقیہ نمبر 49)

PRA کی ریکارڈ کارکردگی، ٹیکس وصولیوں میں 33 فیصد اضافہ

مالی سال 2025-26 کی پہلی ششماہی میں 149.5 ارب روپے کی وصولیاں بڑی کامیابی ہے، مجتبیٰ شجاع الرحمان

حکومت پنجاب وفاقی اداروں، صوبائی محکموں کیساتھ مکمل تعاون کے ذریعے بقایاجات کی وصولی، مستقبل کی کمپلائنس کو یقینی بنائیگی، وزیر خزانہ

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی کی حالیہ کارکردگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبائی حکومت مالی نظم و ضبط، شفافیت اور ٹیکس اصلاحات کی درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے، مالی سال 2025-26 کی پہلی ششماہی میں 33 فیصد اضافے کے ساتھ 149.5 ارب روپے کی وصولیاں پی آر اے کی بڑی کامیابی ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے گزشتہ روز پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر کیا جہاں انہیں چیئرمین (بقیہ نمبر 50)

لاہور، صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں منظور وٹو کے تعزیتی ریفرنس میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

حکومتی اقدامات سے بلوچستان میں ریلوے سفر محفوظ

جعفر ایکسپریس میں جدید سیکیورٹی انتظامات مکمل کر لئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) حکومتی کاوشوں کے نتیجے میں بلوچستان میں ریلوے سفر کو محفوظ اور پر اعتماد بنا دیا گیا ہے، جعفر ایکسپریس میں جدید سیکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں جس سے بلوچستان کے عوام کا ریلوے سفر پر اعتماد بحال ہونے لگا ۔ وفاقی وزیر ریلوے (بقیہ نمبر 52)

میں نے کبھی نواز شریف یا آصف زرداری کو غدار نہیں کہا، علی محمد خان

رانا ثناء اللہ مذاکرات کی بات کر رہے ہیں تو قیادت کو مثبت جواب دینا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ رانا ثناء اللہ مذاکرات کی بات کر رہے ہیں تو اپوزیشن لیڈر اور قیادت کو مثبت جواب دینا چاہیے۔ بدھ کو اظہار خیال کرتے ہوئے علی محمد خان نے کہا کہ مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں۔ بڑے بیٹھ کر گفتگو کریں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ میں نے کبھی نواز شریف یا آصف زرداری کو غدار نہیں کہا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی سیاسی قیادت کو بانی پی ٹی (بقیہ نمبر 53)

بسنت فیسٹیول 2026ء کی تیاریوں کے سلسلہ میں شہریوں کی موٹر سائیکلوں پر سیفٹی راڈ لگائے جا رہے ہیں

شاک مارکیٹ ایک لاکھ 89 ہزار پوائنٹس کی حد عبور کر گئی

کراچی (اے ایف بی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 89 ہزار کی تاریخی سطح عبور کر گیا۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز بھی کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں تیزی دیکھنے میں آئی، 800 سے زائد پوائنٹس کے اضافے سے پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 89 ہزار 523 کی سطح پر پہنچ گیا۔ اہم شعبوں بشمول آٹو موبائل اسمبلرز، سیمنٹ، کمرشل بینکوں، کھاد، تیل و گیس تلاش کرنے والی کمپنیوں، او ایم (بقیہ نمبر 51)

معمولی رنجش پر مسلح افراد نے کار پر فائرنگ کر کے مخالف کو قتل کر دیا

سرگودھا (این این آئی) معمولی رنجش پر مسلح افراد نے کار پر فائرنگ کر کے مخالف کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے جس پر مقتول کی نعش کو پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی عیسیٰ خیل کے گاں ٹکڑوال کے قریب مسلح افراد کفایت اللہ مرغا وغیرہ نے کار پر فائرنگ کر کے ملا خیل کے مشل خان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے ملزم پارٹی کو شک تھا مقتول نے اشتہاری کی سی سی ڈی کو مخبری کی تھی جس (بقیہ نمبر 54)

پنجاب میں مبینہ جعلی پولیس مقابلوں کیخلاف درخواست پر سماعت

سماعت کے موقع پر پنجاب پولیس اور قومی تحفظ کمیشن برائے انسانی حقوق نے جواب لاہور ہائیکورٹ میں جمع کرا دیا

صرف خدشات کی بنیاد پر کوئی حکم جاری نہیں کر سکتی، جب کوئی متاثرہ فریق آئے گا تو دیکھ لیں گے، جسٹس عبہر گل کے ریمارکس

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مبینہ جعلی پولیس مقابلوں کیخلاف درخواست پر سماعت کے موقع پر پنجاب پولیس اور قومی تحفظ کمیشن برائے انسانی حقوق نے جواب لاہور ہائیکورٹ میں جمع کرا دیا۔ جسٹس عبہر گل نے میاں داؤد ایڈووکیٹ اور دیگر وکلاء کی درخواست پر سماعت کی۔ آئی جی پنجاب کی جانب سے مقابلوں کی رپورٹ پیش کی گئی اور بتایا گیا کہ سی سی ڈی کے قیام کے بعد سنگین جرائم میں 65 فیصد تک کمی آئی۔ ایک سب انسپکٹر شہید جبکہ 96 پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 55)

اے ایس پیز کے وفد کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

اسلام آباد پولیس کی ورکنگ، سکیورٹی اور مختلف امور پر بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد میں زیر تربیت اے ایس پیز کے وفد نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا، اے آئی جی لاجسٹکس عبدالحق عمرانی اور ایس پی ہیڈ کوارٹرز پری گل ترین نے وفد کو اسلام آباد پولیس کی ورکنگ، سکیورٹی اور مختلف امور پر بریفنگ دی گئی، وفد کو پولیس لائنز میں مختلف یونٹس کا دورہ بھی کروایا گیا، جن میں (بقیہ نمبر 56)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-